★★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | بدھ 8 جمادی الثانی 1446ھ 11 دسمبر 2024ء 25 مگھر 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 202

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

فیض حمید کیخلاف کورٹ مارشل کی کارروائی کا آغاز، ضابطہ کی چارج شیٹ کر دیا گیا

چارجز میں سیاسی سرگرمیوں میں ملوث ہونا، آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی خلاف ورزیاں کرتے ہوئے ریاست کے تحفظ اور مفاد کو نقصان پہنچانا، اختیارات اور سرکاری وسائل کا غلط استعمال اور افراد کو ناجائز نقصان پہنچانا شامل ہے

ملک میں انتشار، بدامنی سے متعلق پرتشدد واقعات میں لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کے ملوث ہونے سے متعلق علیحدہ تفتیش بھی کی جا رہی ہے، ان پرتشدد اور بدامنی کے متعدد واقعات میں 9 مئی سے جڑے واقعات بھی شامل تفتیش ہیں

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق ڈی جی آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کیخلاف کورٹ مارشل کی کارروائی کے اگلے مرحلے کا آغاز ہو گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 12 اگست 2024 کو پاکستان آرمی ایکٹ کی متعلقہ دفعات کے تحت لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کے خلاف فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کی کارروائی شروع کی گئی، فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کے اگلے (صفحہ 5 پر بقیہ 1)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے بیجنگ میں کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ کے منسٹر لیو جیان چاؤ ملاقات کر رہے ہیں۔

وادی کاغان شوگراں میں برفباری کے باعث پھنسے 300 طلباء ریسکیو

5 گھنٹے کے مسلسل آپریشن کے بعد برف میں پھنسے سیاحوں کو نکال کر محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا

مانسہرہ (این این آئی) وادی کاغان شوگراں میں سری پائے کے مقام پر اچانک برف باری کی وجہ سے Comsat and KMU) کے 300 سے university students) زائد طلبای سیاحوں کی پھنسنے کی اطلاع ریسکیو کنٹرول روم مانسہرہ کو ملی (صفحہ 5 پر بقیہ 2)

غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں کو اسلام آباد میں رہنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، وزیر داخلہ

قانونی دستاویزات کے حامل کسی غیر ملکی کو اسلام آباد سے نہیں نکالا جا رہا، قائمقام امریکی سفیر سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے واضح کیا ہے کہ قانونی دستاویزات کے حامل کسی غیر ملکی کو اسلام آباد سے نہیں نکالا جا رہا تاہم غیر ملکیوں کو غیر قانونی طور پر وفاقی دارالحکومت میں رہنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ وزیر داخلہ سے (صفحہ 5 پر بقیہ 3)

سویلینز کے ملٹری ٹرائل کا کیس، زیر حراست افراد کو عام جیلوں میں منتقل کرنے کی استدعا مسترد

ملاقات کے حوالے سے اٹارنی جنرل یقین دہانی کروا چکے ہیں، مقدمہ سن رہے ہیں فی الحال کسی اور طرف نہ جائیں، جسٹس امین الدین خان

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے سویلینز کے فوجی عدالتوں میں ٹرائل کے مقدمے کی سماعت جمعرات تک ملتوی کرتے ہوئے گرفتار افراد کو عام جیلوں میں منتقل کرنے کی استدعا مسترد کر دی۔ سپریم کورٹ میں جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ نے سویلینز کے ملٹری ٹرائل کے خلاف انٹرا کورٹ اپیلوں کی سماعت کی۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے سماعت ملتوی کرنے کی استدعا کرتے ہوئے کہا کہ وزارت دفاع کے وکیل خواجہ حارث بیمار ہیں، ان کے معدے میں تکلیف ہے اس لئے پیش نہیں ہو سکتے۔ آئینی بینچ نے (صفحہ 5 پر بقیہ 4)

سول نافرمانی کی کال ملک دشمنی ہے

وزیر اعظم

اسلام آباد پر چڑھائی کر کے ملک کے خلاف سازش کی گئی تھی، سیاسی استحکام پاکستان کے معاشی استحکام کے لیے اہم ہے، آذربائیجان کی پاکستان میں 2 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری ہے، ہفتہ وار مہنگائی کی شرح کم ہو کر 3. 5 فیصد پر آ گئی

شام میں پاکستانیوں کے انخلا کے لیے وزارت خارجہ اور سفارتخانہ رابطے میں رہا، شام سے پاکستانیوں کی واپسی کے لیے کل شام کو لبنان کے وزیراعظم سے بات کی، لبنان میں سفیر کو ہدایات دی گئیں، شہباز شریف کا کابینہ اجلاس میں اظہارِ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے سول نافرمانی کی کال کو ملک دشمنی قرار دے دیا۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ شام میں پاکستانیوں کے انخلا کے لیے وزارت خارجہ اور سفارتخانہ رابطے میں رہا، شام سے پاکستانیوں کی واپسی کے لیے کل شام کو لبنان کے وزیر اعظم سے بات کی، لبنان میں سفیر کو ہدایات دی گئیں۔ ملکی حالات پر بات کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ سیاسی استحکام پاکستان کے معاشی استحکام کے لیے اہم ہے، آذربائیجان کی پاکستان میں 2 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری ہے، (صفحہ 5 پر بقیہ 11)

پی ٹی آئی نے 12 ہلاک کارکنوں میں سے کسی ایک کا شناختی کارڈ نہیں دیا، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے 12 ہلاک کارکنوں میں سے کسی ایک (صفحہ 5 پر بقیہ 10)

خواتین کو صرف ماں اور بہن کہنا کافی نہیں، انہیں تحفظ دینا ضروری ہے: جسٹس عائشہ ملک

صنفی بنیادوں پر تشدد کا خاتمہ کبھی بھی ہمارے معاشرے کی ترجیح نہیں رہی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کی جج جسٹس عائشہ ملک نے کہا ہے کہ خواتین کو صرف ماں اور بہن کہنا کافی نہیں انہیں تحفظ دینا ضروری ہے۔ صنفی بنیاد پر تشدد سے متعلق سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے جسٹس عائشہ ملک نے کہا کہ صنفی بنیادوں پر تشدد کا (صفحہ 5 پر بقیہ 9)

یہ چارج شیٹ صرف فیض حمید کیخلاف نہیں پی ٹی آئی کے بھی خلاف ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما طلال چوہدری نے کہا ہے کہ یہ چارج شیٹ صرف فیض حمید (صفحہ 5 پر بقیہ 8)

مدارس رجسٹریشن، حکومتی بولی بولنے والے اپنا گریبان جھانکیں، جے یو آئی

وزراء کے ساتھ بیٹھ کر سرکاری بولی بولنے والے طوطے کی کوئی حیثیت نہیں نہ ہی وہ علماء کا نمائندہ ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مدارس رجسٹریشن معاملے پر حکومتی بولی بولنے والے اپنا گریبان جھانکیں، تمام مکاتب فکر (صفحہ 5 پر بقیہ 5)

پی ٹی آئی رہنماؤں سمیت 25 ملزمان کے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری

علی امین گنڈاپور، شبلی فراز، بتول شوزب، راشد حفیظ، کرنل شبیر، عمر تنویر بٹ اور شہریار آفریدی شامل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی کی عدالت کے جج امجد علی شاہ کی رخصت کے باعث جی ایچ کیو حملہ کیس میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنماؤں سمیت 25 غیر حاضر ملزمان کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ عدالت کی جانب سے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے جانے والے پی ٹی آئی رہنماؤں میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور، شبلی فراز، کنول شوزب، راشد حفیظ، کرنل شبیر، (صفحہ 5 پر بقیہ 6)

ژوب: سیکورٹی فورسز کی کارروائی: 15 خوارج ہلاک

خوارج سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد بھی برآمد

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) بلوچستان کے علاقے ژوب میں سیکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 15 خوارج کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (صفحہ 5 پر بقیہ 7)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے بیجنگ میں ایکالوجی اینڈ انوائرمنٹ کے وزیر ہوانگ رنچ ملاقات کر رہے ہیں۔

پاک چین دوستی فولاد کی طرح مضبوط اور آزمودہ ہے

مریم نواز

چین اور پنجاب کے ثقافتی روابط کیلئے پائیدار اقدامات کریں گے، تعلقات کی میراث کو پروان چڑھانے کیلئے نوجوان نسل پر توجہ دینا ہو گی

مریم نواز نے کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کے انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ کے منسٹر لیو جیان چاو سے ملاقات کی، پرتپاک خیر مقدم کرنے پر شکریہ ادا کیا

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ پاک چین دوستی فولاد کی طرح مضبوط اور آزمودہ ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے بیجنگ میں کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کے انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ کے منسٹر لیو جیان چاو سے ملاقات کی، مریم نواز نے پرتپاک خیر مقدم کرنے پر منسٹر لیو جیان چاو کا شکریہ ادا کیا اور کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ (صفحہ 5 پر بقیہ 12)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف عالمی یوم انسانی حقوق کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

عمر ایوب کی ڈی چوک احتجاج پر درج مقدمے میں عبوری ضمانت منظور

کیس کی سماعت 16 دسمبر تک ملتوی، عدالت نے آئندہ سماعت پر پولیس کو ریکارڈ سمیت طلب کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے پی ٹی آئی رہنما عمر ایوب کی ڈی چوک احتجاج پر درج مقدمے میں عبوری ضمانت منظور کر لی۔ اے ٹی سی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی کی درخواست ضمانت قبل از (صفحہ 5 پر بقیہ 13)

دہرے قتل کا مقدمہ: سابق وفاقی وزیر مونس الٰہی اشتہاری قرار

مونس الٰہی سمیت دیگر ملزمان پر چکریاں کے رہائشی یاسر اور یوسف کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کا الزام تھا

گجرات (این این آئی) رہنما تحریک انصاف و سابق وفاقی وزیر چودھری مونس الٰہی کو عدالت نے دہرے قتل کے مقدمہ میں اشتہاری قرار دیا، چودھری مونس الٰہی (صفحہ 5 پر بقیہ 14)

جنوبی وزیرستان: گاڑی پر فائرنگ، ڈرائیور سمیت 3 افراد جاں بحق

جاں بحق تینوں افراد کا تعلق وزیر گنگی خیل ہے، فائرنگ کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی

وانا (این این آئی) جنوبی وزیرستان میں برمل کے علاقے راغزائی میں گاڑی پر فائرنگ کے نتیجے میں ڈرائیور سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ڈی پی او کے مطابق جاں بحق تینوں افراد کا تعلق وزیر گنگی خیل ہے، فائرنگ کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔ پولیس نے (صفحہ 5 پر بقیہ 15)

وزیراعظم نے شام سے پاکستانیوں کے انخلا کیلئے لبنان سے مدد مانگ لی

لبنانی وزیراعظم سے ٹیلی فونک رابطہ، پاکستانیوں کے شام سے انخلا کیلئے لبنان کے ویزے کی درخواست

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے شام سے پاکستانیوں کے انخلا کیلئے لبنان سے مدد مانگ لی۔ وزیراعظم سے ٹیلی فونک رابطہ کیا، پاکستانیوں کے شام سے انخلا کیلئے لبنان کے ویزے جاری کرنے کی (صفحہ 5 پر بقیہ 16)

دنیا میں مودی اور نیتن یاہو کی دہشتگردی پھیل رہی ہے: مشعال ملک

کشمیر سے متعلق اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرپرسن پیس اینڈ کلچر آرگنائزیشن و کشمیری رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ دنیا میں مودی اور نیتن یاہو کی دہشتگردی پھیل رہی ہے۔ انسانی حقوق کے عالمی دن کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے (صفحہ 5 پر بقیہ 35)

بھوبتیاں فلیٹس سکیم پولیس ملازمین کیلئے تحفہ ہے، عاطف نذیر

بھوبتیاں فلیٹس کی تعمیر کا دوبارہ آغاز کر کے ریکارڈ مدت میں مکمل کیا گیا

لاہور (این این آئی) ایس ایس پی ایڈمن لاہور عاطف نذیر نے کہا ہے کہ 2023ء کو پولیس ملازمین کی فلاح و بہبود کے حوالے سے تاریخ میں مثالی سال کے طور پر یاد رکھا جائے گا، بھوبتیاں فلیٹس کے دورے کے موقع پر خصوصی ویڈیو پیغام میں ایس ایس پی ایڈمن (صفحہ 5 پر بقیہ 36)

یہ چارج شیٹ صرف فیض حمید کیخلاف نہیں پی ٹی آئی کے بھی خلاف ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما طلال چوہدری نے کہا ہے کہ یہ چارج شیٹ صرف فیض حمید (صفحہ 5 پر بقیہ 8)

مولانا فضل الرحمن کی ایاز صادق سے ملاقات، ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان نے اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے ملاقات کی جس میں قائد جمعیت نے اسپیکر اسمبلی سے ان کے ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت کی۔ مولانا اسعد محمود، سینیٹر کامران مرتضیٰ بھی ہمراہ تھے



ملتان: چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی عالمی آر ٹی فیشل انٹیلی جنس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

بانی پی ٹی آئی کیخلاف جعلی مقدمات جلد ختم ہوں گے: بیرسٹر سیف

جیل کے اندر بیٹھ کر کوئی شخص کیسے جرم کر سکتا ہے؟ بانی پی ٹی آئی ن لیگ کے اعصاب پر سوار ہیں

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر علی سیف کا کہنا ہے کہ وہ دن دور نہیں جب بانی پی ٹی آئی کے خلاف جعلی مقدمات ختم ہوں گے۔ ایک بیان میں انہوں کہا کہ پنجاب میں بانی پی ٹی آئی پر 99 اور اسلام آباد میں 74 ایف آئی آرز درج ہیں۔ (صفحہ 5 پر بقیہ 34)

قومی بچت میں آئے روز منافع کم ہونے سے عوام نے اپنی رقوم نکالنے کا سلسلہ شروع کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی بچت میں آئے روز منافع کم ہونے سے عوام نے اپنی رقوم نکالنے کا سلسلہ شروع کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جب سے اسحاق ڈار کی جگہ وزارت خزانہ کا قلمدان محمد اورنگ زیب (صفحہ 5 پر بقیہ 32)

مولانا فضل الرحمن کی ایاز صادق سے ملاقات، ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان نے اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق سے ملاقات کی جس میں قائد جمعیت نے اسپیکر اسمبلی سے ان کے ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت کی۔ مولانا اسعد محمود، سینیٹر کامران مرتضیٰ بھی ہمراہ تھے

پاکستان اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کیلئے پرعزم ہے، اسحاق ڈار

پاکستان انسانی حقوق کا عالمی دن منانے میں عالمی برادری کے ساتھ شامل ہے، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان نے متعدد قانون سازی، ادارہ جاتی اور پالیسی اقدامات کے ذریعے انسانی حقوق کے ایجنڈے کو آگے بڑھانے میں اہم پیشرفت کی ہے اور وہ بین الاقوامی (صفحہ 5 پر بقیہ 31)



اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن گیلانی امریکی سفیر سے ملاقات کر رہے ہیں۔

مدارس کی آزادی پر کسی قسم کی مداخلت قبول نہیں، علامہ طاہر اشرفی

10 مدارس بورڈز کا فیصلہ ہے کہ وہ وزارتِ تعلیم کے ساتھ رجسٹریشن کے حق میں ہیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل علامہ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ ملک بھر میں مدارس کی رجسٹریشن کے معاملے پر بحث جاری ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ 15 بورڈز میں سے 10 سے زائد وزارتِ تعلیم کے ساتھ رجسٹریشن کے حق (صفحہ 5 پر بقیہ 29)

خیبر پختونخوا میں 800 میگاواٹ پن بجلی منصوبوں پر کام جاری ہے، علی امین گنڈاپور

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں صوبے خصوصاً ضم اضلاع کے عوام نے بے انتہا قربانیاں دی ہیں

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے واضح کیا ہے کہ انتظامی معاملات کو بہتر اور موثر انداز میں چلانے کیلئے صوبے اور انتظامی (صفحہ 5 پر بقیہ 28)

سینیٹر شیری رحمان کا شام کی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار

شام سے اپنے شہریوں کی محفوظ واپسی کو یقینی بنانا ضروری ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے سینیٹ کی خارجہ امور کمیٹی کے اجلاس میں شام کی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں جنگ کی شدت بڑھ رہی ہے، جو پورے خطے کو عدم استحکام کا شکار کر سکتی (صفحہ 5 پر بقیہ 18)

پاکستان کا آئین تمام شہریوں کو بنیادی حقوق کی ضمانت دیتا ہے، شازیہ مری

اسلام آباد (این این آئی) مرکزی ترجمان پی پی پی شازیہ مری نے کہا ہے کہ انسانی حقوق کا عالمی دن اس عزم کے ساتھ منایا جاتا ہے کہ اس کے فروغ اور تحفظ کو یقینی بنایا جائے، 1948ء کا اقوام متحدہ کا انسانی حقوق (صفحہ 5 پر بقیہ 21)

اساتذہ کے تبادلوں کے لیے ای ٹرانسفر کے دوسرے مرحلے کیلئے درخواستیں طلب

لاہور (این این آئی) اساتذہ کے تبادلوں کے لیے ای ٹرانسفر کے دوسرے مرحلے کیلئے درخواستیں طلب کر لی گئیں۔ 14 دسمبر سے اساتذہ تبادلوں کے لئے درخواستیں جمع کروا سکیں گے، 15 دسمبر تک کاغذات کی ویری فکیشن کی جائے گی۔ 16 دسمبر کو تبادلوں کے حوالے سے ابتدائی فہرست جاری کی (صفحہ 5 پر بقیہ 24)

میری 4 بیٹیاں مر گئیں یا زندہ ہیں کوئی تو بتا دے: درخواستگزار

بیٹیاں پہلے 2017ء میں اغواء ہوئی، 2019ء میں بازیاب ہوئی، پھر اغواء ہو گئیں، والد کی درخواست

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ میں چار بیٹیوں کی بازیابی کے لیے معمر شہری کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ دوران سماعت درخواست گزار علی گل نے کہا ہے کہ میری 4 بیٹیوں کو اغواء کیا گیا، میری بیٹیاں مر گئیں یا زندہ ہیں کوئی تو بتا دے، اغوا کی (صفحہ 5 پر بقیہ 19)

پاکستان انسانی حقوق کے شعبے میں بہت کچھ کر رہا ہے، ہمیں اس کا اعتراف کرنا چاہیے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید مظفر حسین شاہ نے کہا ہے کہ پاکستان انسانی حقوق کے شعبے میں بہت کچھ کر رہا ہے، ہمیں اس کا اعتراف کرنا چاہیے، پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دینا چاہیے۔ وہ اسلام آباد میں انسانی حقوق کے عالمی دن کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔



Implementation minority rights forum

پشاور ہائیکورٹ نے عاطف خان کے وارنٹ گرفتاری معطل کر دیے

پشاور ہائیکورٹ نے عاطف خان کے وارنٹ گرفتاری معطل کر دیے

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے عالم جبہ اور فضل گارڈن کیس میں قومی اسمبلی کے رکن عاطف خان کے وارنٹ گرفتاری معطل کر دیے۔ پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس صاحبزادہ اسداللہ اور جسٹس وقار احمد پر مشتمل ڈویژن بینچ نے عاطف خان کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت وکیل درخواست گزار نے مؤقف اپنایا کہ پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی کے خلاف بدنیتی پر مبنی کیس بنایا گیا۔ بعد ازاں عدالت عالیہ نے رکن قومی اسمبلی عاطف خان (صفحہ 5 پر بقیہ 20)

محسن نقوی ایسے کام کر رہے ہیں کہ سیاستدان بعد میں پچھتائیں گے، شیر علی ارباب

آپ نے ہمیں اپنے وطن میں دربدر کیا ہے، ہم مکمل عدالتوں کے چکر کاٹ رہے ہیں، شاندانہ گلزار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما شیر علی ارباب نے کہا ہے کہ محسن نقوی ایسے کام کر رہے ہیں کہ سیاستدان بعد میں پچھتائیں گے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمارے 200 سے زیادہ (صفحہ 5 پر بقیہ 22)

ڈومیسائل کا حصول آسان ترین ہو گیا، سرٹیفکیٹ کے اجراء کے لئے ترامیم

پی فارم، نوٹری پبلک ٹکٹ کی شرائط کو ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی فائل جمع کروانے کیلئے ختم کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر کی قیادت میں اے سی سٹی نے ڈومیسائل کا حصول آسان ترین کر دیا، اسسٹنٹ کمشنر سٹی رائے بابر کی تحصیل سٹی میں ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کے اجراء کے لئے ترامیم کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق عوامی خدمات بہتر بنانے، ایجنٹ مافیا کے (صفحہ 5 پر بقیہ 23)

ملک میں انتشار پھیلانے والوں کا بندوبست کیا جائے گا، وفاقی وزیر اطلاعات

پی ٹی آئی نے فوجی کمپنیوں کی مصنوعات کے بائیکاٹ کی اپیل تو کر دی لیکن انہوں نے کبھی اسرائیلی کمپنیوں کے بائیکاٹ کی بات نہیں کی

بانی پی ٹی آئی عمران خان کی جانب سے سول نافرمانی کی تحریک کو خیبر پختونخوا کی کابینہ کے ارکان کی جانب سے مسترد کر دیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ ملک میں انتشار پھیلانے والوں (صفحہ 5 پر بقیہ 17)

سینیٹر شیری رحمان کا شام کی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار

شام سے اپنے شہریوں کی محفوظ واپسی کو یقینی بنانا ضروری ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے سینیٹ کی خارجہ امور کمیٹی کے اجلاس میں شام کی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں جنگ کی شدت بڑھ رہی ہے، جو پورے خطے کو عدم استحکام کا شکار کر سکتی (صفحہ 5 پر بقیہ 18)

پاکستان کا آئین تمام شہریوں کو بنیادی حقوق کی ضمانت دیتا ہے، شازیہ مری

اسلام آباد (این این آئی) مرکزی ترجمان پی پی پی شازیہ مری نے کہا ہے کہ انسانی حقوق کا عالمی دن اس عزم کے ساتھ منایا جاتا ہے کہ اس کے فروغ اور تحفظ کو یقینی بنایا جائے، 1948ء کا اقوام متحدہ کا انسانی حقوق (صفحہ 5 پر بقیہ 21)

عمران خان کی 9 مئی کی جوڈیشل تحقیقات کی درخواست سماعت کیلئے منظور

ڈیڑھ سال ہو چکا پتہ تو کرا لیں کہ 9 مئی کو ہوا کیا تھا، ملک میں غیر اعلانیہ مارشل لاء لگا ہوا ہے، احتجاج کرنے پر فوج طلب کر لی جاتی، وکیل درخواست گزار

آپ مارشل لاء کہہ کر سوئپنگ سٹیٹمنٹ دے رہے ہیں، کیا کسی اتھارٹی کا کوئی ایسا حکم موجود ہے جسے آپ چیلنج کر رہے ہیں، جسٹس جمال مندوخیل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ کے آئینی بنچ نے 9 مئی واقعہ کی جوڈیشل انکوائری کیلئے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی درخواست سماعت کیلئے منظور کر لی (صفحہ 5 پر بقیہ 25)



لاہور: گورنر پنجاب اور وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کیساتھ پیپلز پارٹی پنجاب کے سینئر رہنماؤں کا گورنر ہاؤس میں ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو۔

بیرون ملک سے موبائل فونز سمیت دیگر اشیاء ساتھ لانے پر پابندی کا فیصلہ واپس

ایف بی آر نے بیگیج رولز میں ترمیم کے مسودے کا نوٹیفکیشن ویب سائٹ سے بھی ہٹا دیا

لاہور (این این آئی) بیرون ملک سے کمرشل مقدار میں اشیا ساتھ لانے پر مکمل پابندی کا فیصلہ واپس لے لیا گیا، ایف بی آر نے بیگیج رولز میں ترمیم کے مسودے (صفحہ 5 پر بقیہ 26)

وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کی زیر صدارت ایل ڈی اے کے مختلف امور بارے اہم اجلاس

صوبائی دارالحکومت کی کمرشل شاہراہوں پر کسی صورت غیر قانونی کمرشل سرگرمیاں نہیں ہونی چاہیے

لاہور (خبر نگار) وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کی زیر صدارت ایل ڈی اے کے مختلف امور بارے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی جی ایل (صفحہ 5 پر بقیہ 27)

عمران خان کیخلاف توہین عدالت کیس نوٹس جاری، آج عمران خان کو پیش کرنا پڑے گا، جسٹس امین الدین

بانی پی ٹی آئی نے 25 مئی کو لانگ مارچ کیا اور عدالتی حکم کی خلاف ورزی کی، ایڈیشنل اٹارنی جنرل: توہین کا معاملہ عدالت اور توہین کرنے والے کے درمیان ہوتا ہے، جسٹس جمال مندوخیل

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے بانی پی ٹی آئی کے خلاف توہینِ عدالت کی حکومتی درخواست پر سماعت کی۔ جسٹس امین الدین کی سربراہی (صفحہ 5 پر بقیہ 30)



لاہور: معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب برائے پبلک پراپرٹی پروٹیکشن و ملٹیفیئر سائرہ افضل تارڑ پاپولیس ہاؤس جوہر ٹاؤن کے دورے کے موقع پر افسران سے خطاب کر رہی ہیں۔

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل ظہرین 1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریسکیو ایکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سروسز ہسپتال لاہور میں اینٹی ریپ کرائسز سیل کی افتتاحی تقریب کے دوران امدادی سامان دے رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے سروسز ہسپتال لاہور میں اینٹی ریپ کرائسز سیل کا افتتاح کیا

خواتین کا احترام نہ کرنے والے معاشرے جنگل کی شکل اختیار کر جاتے ہیں، خواجہ سلمان رفیق

اینٹی ریپ کرائسز سیل کا دائرہ کار صوبہ بھر میں بڑھائیں گے، صوبائی وزیر صحت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے سروسز ہسپتال لاہور میں اینٹی ریپ کرائسز سیل کا افتتاح کیا۔ اس حوالے سے ایک افتتاحی تقریب کا انعقاد بھی کیا گیا۔ اس موقع پر وہ نیو قصصل جنرل لاہور کرسٹن ہوور، ڈپٹی کنٹری ایڈ ایون ویکن جنکوفی، کنٹونٹو و دیگر موجود تھے۔ ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر محمد وسیم، پرنسپل سروسز اکیڈمی ڈینٹل سائنسز پروفیسر زوہرہ خانم اور ایم ایس سروسز ہسپتال ڈاکٹر عابد فوجدار نے بھی شرکت کی۔ افتتاحی تقریب میں یو ایس قونصل جنرل لاہور کرسٹن ہوور، ڈپٹی کنٹری ایڈ (ر) فاروق حبیب نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن گھروں میں اپنی ماں کے پاس ستم 30 ہزار آرفن بابت بچوں کی کفالت کر رہی ہے تعلیم، صحت اور کھانے سمیت دیگر سہولیات مفت فراہم کی جاتی ہیں جبکہ آرفن بچوں کی بابت ماں کو کاروبار کیلئے بلاسود قرض فراہم کیا جاتا ہے تاکہ وہ اپنی نسلی کی بہتر انداز میں کفالت کے قابل ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ آرفن بچوں کی سالانہ بیلنچ اسکریننگ کی جاتی ہے جس میں ہر شعبے کے ماہر ڈاکٹرز بچوں کا مکمل چیک اپ کرکے ان کیلئے ادویات و دیگر طبی ضروریات پر رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

الخدمت فاؤنڈیشن آرفن فیملی سپورٹ پروگرام کا مرکزی بورڈ اجلاس

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرمین آرفن فیملی سپورٹ پروگرام الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان ایئر مارشل (ر) فاروق حبیب کی زیر صدارت مرکزی بورڈ کا اجلاس ہیڈ آفس الخدمت کمپلیکس میں منعقد ہوا۔ بیغیڈیئر جنرل (ر) ڈائریکٹر بریگیڈیئر (ر) ضیاالبار، ریجنل ڈائریکٹر زیسیت ہیم عمران شریک ہوئے۔ اس موقع پر چیئرمین کو ڈائریکٹر نے گزشتہ سال کے دوران ریجنوں میں کی گئی ورکنگ پر سالانہ رپورٹس پیش کیں، آرفن بچوں کی تعلیم و تربیت کیلئے جاری پیغام ماڈل بورڈ میں پیش کیا گیا۔ بورڈ نے سالانہ کارکردگی کا جائزہ لے کر متفقہ کے اوراف طے کئے۔ ایئر مارشل (ر) فاروق حبیب نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن گھروں میں اپنی ماں کے پاس ستم 30 ہزار آرفن بابت بچوں کی کفالت کر رہی ہے تعلیم، صحت اور کھانے سمیت دیگر سہولیات مفت فراہم کی جاتی ہیں جبکہ آرفن بچوں کی بابت ماں کو کاروبار کیلئے بلاسود قرض فراہم کیا جاتا ہے تاکہ وہ اپنی نسلی کی بہتر انداز میں کفالت کے قابل ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ آرفن بچوں کی سالانہ بیلنچ اسکریننگ کی جاتی ہے جس میں ہر شعبے کے ماہر ڈاکٹرز بچوں کا مکمل چیک اپ کرکے ان کیلئے ادویات و دیگر طبی ضروریات پر رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

پنجاب حکومت نے 5 افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

ڈپٹی کمشنر و ڈھوراں عبدالرؤف عمر کو تبدیل کر کے محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت نے 5 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ ڈپٹی کمشنر ڈھوراں عبدالرؤف عمر کو تبدیل کر کے محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی رپورٹ کرنے کی ہدایت، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) ڈھوراں سید وسیم حسن کو ڈپٹی کمشنر ڈھوراں کا اضافی چارج سونپ دیا گیا۔ سیکشن آفیسر محکمہ سیکشن ایکویکشن مس صائمہ یعقوب کو تبدیل کر کے سیکشن آفیسر محکمہ ہائر ایجوکیشن

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 11 دسمبر 2024ء

گلوبل یونین آف جرنلسٹس انسانی حقوق کی فراہمی کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، اطہر سلطان مغل

معاشرتی فضا کی بہتری کیلئے انسانی حقوق کے چارٹر پہ بلاامتیاز عمل کرنا ہوگا، کم عمر بچیوں کو جبری مشقت ، زبردستی شادیوں اور ناخواندگی کے چنگل سے آزاد کروانا ہوگا۔ جنرل سیکرٹری گلوبل یونین آف جرنلسٹس

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ کے جنرل سیکرٹری محمد اطہر سلطان مغل نے انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس سال انسانی حقوق کا عالمی دن مناتے ہوئے عجیب سی اداسی نے گھیر رکھا ہے۔ وطن عزیز میں معصوم بچوں اور بچیوں کے خلاف سفاک جرائم کی شرح پہلے سے کہیں زیادہ ہو چکی ہے۔ چائلڈ لیبر کا عفریت اپنے پنجے گاڑ چکا ہے۔ ہر طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے مرد وزن فرسودہ رسوم ورواج کے شکنجے میں جکڑے ہوئے ہیں اور شدید باؤ اور خوف کا شکار ہیں۔ پسماندہ علاقوں میں ناکافی سہولیات کے باعث مقامی مکینوں سمیت خواتین اور بچیاں بہت سے پیچیدہ طبی، نفسیاتی اور جسمانی مسائل میں گھری ہوئی ہیں۔ اس طرح خواجہ سراؤں پر تشدد، کمسن بچیوں کی جبری مشقت، دوران ملازمت ان پر وحشیانہ تشدد سے ہلاکتوں کے بڑھتے ہوئے واقعات اور ان کی جبری شادیوں کے واقعات میں خوفناک اضافہ ہوا ہے۔ ریاست کے ذمہ داران ان واقعات کے خاتمے کیلئے کڑی سزاؤں کا عمل نافذ کریں۔ دوسری جانب ہمارے سماجی رویوں میں شدت پسندی اور عدم رواداری سرایت کر گئی ہے۔ غیر مستحکم معاشی حالات نے ہر فرد کو ذہنی اذیت میں مبتلا کر دیا ہے۔ روزگار کے کم ہوتے مواقع اور بے لگام مہنگائی سے معاشرتی برائیوں اور جرائم میں اضافہ ہوا ہے۔ انسانی حقوق کی فراہمی اسی صورت ممکن ہے کہ ہر فرد کو صحت تعلیم روزگار سمیت بنیادی وسائل دیئے جائیں تاکہ ہماری سماجی فضا متوازن ہو سکے۔ گلوبل یونین آف جرنلسٹس کی پوری ٹیم معاشرتی ناہمواریوں اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی مذمت کرتی ہے اور ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ اس حوالے سے ہر فورم پر اپنی آواز بلند کریں۔

امتحانی نظام میں بہترین سہولیات مہیا کر رہے ہیں، محمد نعیم بٹ

محکمہ ایجوکیشن رجسٹریشن میں، ایجوکیشن بورڈ الحاق کو آسان بنائیں، سجاد مسعود چشتی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) سٹوڈنٹس کو امتحانی نظام میں بہترین سہولیات مہیا کر رہے ہیں، کنٹرولر امتحانات محمد نعیم بٹ۔ محکمہ ایجوکیشن رجسٹریشن میں، ایجوکیشن بورڈ الحاق کو آسان بنائیں، صاحبزادہ سجاد مسعود چشتی۔ گوجرانوالہ بورڈ آف ایجوکیشن کے ذریعے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کا امتحان دینے والے سٹوڈنٹس کو بہترین سہولیات دی جاتی ہیں۔ امتحانی سنٹر، بگرانی، پیپرز کا بروقت مہیا کرنا، موسم کے مطابق ماحول، پیپرز کی چیکنگ سے لیکر نتائج تک ہر کام کو بڑی توجہ سے کیا جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار محمد نعیم بٹ کنٹرولر امتحانات ایجوکیشن بورڈ گوجرانوالہ نے نیشنل ایسوسی ایشن اور اسکی حلیف ایسوسی ایشن آف پرائیویٹ سکولز کی خصوصی میٹنگ میں بطور مہمان خصوصی کیا۔ اس موقع پر صاحبزادہ سجاد مسعود چشتی سنٹرل چیئرمین نیشنل ایسوسی ایشن آف پرائیویٹ سکولز نے گوجرانوالہ ایجوکیشن بورڈ کے امتحانی نظام کو بہتر قرار دیا اور کہا کہ سٹوڈنٹ کو امتحانی معاملات سے آگاہ کرنے لیے امتحان سے پہلے (ایس-او-پیز) جاری کئے جائیں۔ کنٹرولر نے مزید بہتری لانے کی یقین دہانی کروائی انہوں نے کہا میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات شیڈول کے مطابق ہونگے اور سلیبس بھی کم نہیں کیا جائے گا کیونکہ پیپرز چھپنے کیلئے جا چکے ہیں۔ اس موقع پر سجاد مسعود چشتی نے کہا کہ محکمہ تعلیم سکول رجسٹریشن اور ایجوکیشن بورڈ الحاق کو مزید آسان بنائے تاکہ زیادہ تعلیمی ادارے اس نیٹ ورک میں آسکیں۔

55 سال میں ریٹائرمنٹ کی تجویز وزیراعظم کو پیش، صرف سویلین پر اطلاق ہوگا

آئی ایم ایف نے حاضر سروس ملازمین کو کنٹری بیوشن پنشن سکیم میں لانے کا مطالبہ کردیا

ایک دہائی سے زائد فریز فیڈرل سیکرٹریٹ الائنس کو بحال کرنے کی تجاویز بھی زیر غور ہیں

اسلام آباد (این این آئی) ریٹائرمنٹ کی عمر 55 سال کرنے کی تجویز وزیراعظم کو پیش کر دی گئی، اطلاق صرف سویلین پر ہوگا۔ نجی ٹی وی کے مطابق ذرائع وزارت خزانہ نے بتایا ہے کہ کابینہ اجلاس میں 55 سال کی عمر میں ریٹائرمنٹ کی تجویز پر وزیر اعظم کو بریفنگ دی گئی تاہم اس پر کوئی فیصلہ نہیں ہو سکا، ابھی ابتدائی تجویز ہی سامنے آئی ہے، 55 سال کی عمر میں ریٹائرمنٹ کا فیصلہ ہوا تو اس کا اطلاق صرف سول ملازمین پر ہوگا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں وزیراعظم کو 55 سال میں ریٹائرمنٹ کی حد مقرر کرنے پر مثبت رسپانس نہیں ملا۔ وزارت خزانہ کے مطابق آئی ایم ایف نے حاضر سروس ملازمین کو کنٹری بیوشن پنشن سکیم میں لانے کا مطالبہ کیا ہے۔ آئی ایم ایف نے کہا ہے کہ حاضر سروس ملازمین کو نئے بھرتی ہونے والوں کی طرز پر کنٹری بیوشن پنشن سکیم کا حصہ بنایا جائے۔ آئی ایم ایف کے کہنے پر وزارت خزانہ میں حاضر سروس ملازمین کو کنٹری بیوٹری پنشن اسکیم میں شامل کرنے پر کام کیا جا رہا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق ایک دہائی سے زائد فریز فیڈرل سیکرٹریٹ الائنس کو بحال کرنے کی تجاویز بھی زیر غور ہیں۔

حافظ آباد: شہری وزیراعلیٰ کے ستھرا پروگرام کو کوسنے لگے

گوجرانوالہ روڈ سمیت شہر کے گلی محلے جوہڑوں میں تبدیل ہونا شروع ہوگئے

کچرا کنڈی کے پاس نہ مطلوبہ سینٹری ورکرز ہیں اور نہ ہی مطلوبہ سامان اور نہ ہی صفائی کا جامع پلان



حافظ آباد (رانا طارق محمود) حافظ آباد میں شہری وزیراعلیٰ پنجاب کے ستھرا پروگرام کو کوسنے لگے۔ صفائی ستھرائی کا ٹھیکہ ایک نجی کمپنی کو دیتے ہی گوجرانوالہ روڈ سمیت شہر کے گلی محلے جوہڑوں میں تبدیل ہونا شروع ہوگئے۔ گزشتہ ایک ہفتہ سے شہریوں کی زندگی اجیرن بن گئی۔ نجی کمپنی کے پاس نہ مطلوبہ سینٹری ورکرز ہیں اور نہ ہی مطلوبہ سامان اور نہ ہی صفائی کا جامع پلان۔ تفصیلات کے مطابق حافظ آباد شہر میں صفائی ستھرائی کا کروڑوں کا ٹھیکہ لینے والی نجی کمپنی کے ورکرز چارج سنبھالنے کے بعد ابھی تک صرف شہر کی مین شاہراؤں کی صفائی ستھرائی کرتے دیکھائی دیتے ہیں جبکہ شہر کے تمام گلی محلے گندے جوہڑوں میں تبدیل ہونا شروع ہوگئے۔ کچرا کنڈی کے پاس نہ مطلوبہ سینٹری ورکرز ہیں اور نہ ہی مطلوبہ سامان اور نہ ہی صفائی کا جامع پلان۔ تفصیلات کے مطابق ایک نجی کمپنی کو دیئے ہی گوجرانوالہ روڈ سمیت شہر کے گلی محلے جوہڑوں میں تبدیل ہونا شروع ہوگئے۔ گزشتہ ایک ہفتہ سے شہریوں کی زندگی اجیرن بن گئی۔ نجی کمپنی کے پاس نہ مطلوبہ سینٹری ورکرز ہیں اور نہ ہی مطلوبہ سامان اور نہ ہی صفائی کا جامع پلان۔ تفصیلات کے مطابق حافظ آباد شہر میں صفائی ستھرائی کا کروڑوں کا ٹھیکہ لینے والی نجی کمپنی کے ورکرز چارج سنبھالنے کے بعد ابھی تک صرف شہر کی مین شاہراؤں کی صفائی ستھرائی کرتے دیکھائی دیتے ہیں جبکہ شہر کے تمام گلی محلے گندے کچرا کنڈی کے ڈھیر لگے رہتے ہیں جب کہ متعدد علاقہ جات کی گلیوں میں اس وقت بھی کئی فٹ گندا پانی کھڑا ہو چکا ہے جس کی وجہ سے علاقہ مکین گھروں میں محبوس ہو کر رہ گئے ہیں لیکن نجی کمپنی کے کام کی نگرانی کرنے والے اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد فیلڈ میں آ کر کام کی نگرانی کرنے کی بجائے اپنے آفس میں بیٹھ کر خواب خرگوش کے مزے لے رہے ہیں جس سے شہر بھر میں وزیر اعلیٰ کا ستھرا پروگرام دھرے کا دھرا رہ گیا ہے اور شہری نجی کمپنی کے ذمہ داران کے ساتھ اسسٹنٹ کمشنر کو بھی کوسنے لگے ہیں۔

ملک عمر حیات بلوچ ایڈووکیٹ مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے

وزیرآباد (نامہ نگار) ملک انور بلوچ ایڈووکیٹ کے بڑے بھائی، ملک احتشام انور بلوچ ایڈووکیٹ، سابق وائس چیئرمین ملک ارسلان بلوچ کے تایا جان، پروفیسر ملک خالد حیات بلوچ کے والد معروف قانون دان ملک عمر حیات بلوچ ایڈووکیٹ مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے مرحوم کو سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ معروف عالم دین پروفیسر ڈاکٹر محمد آصف ہزاروی نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں نائب صدر مسلم لیگ (ن) پنجاب مستنصر علی گوندل ایڈووکیٹ، صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن وزیرآباد رانا خلیل احمد خان، جنرل سیکرٹری طاہر عمران کولار، نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی اعجاز احمد سماں، جماعت اسلامی کے صابر حسین بٹ، سابق چیئرمین بلدیہ بابو شعیب ادریس، مسلم لیگی رہنما امتیاز اظہر باگڑی، حسام وقار چیمہ، سٹی صدر میر ماجد علی سالار، ملک محمد یوسف چانڈ، لالہ محمد خلیل، راجہ کرم اللہ خان، راجہ بلال مصطفیٰ، احمد شاہنواز چیمہ، صدر پریس کلب افتخار احمد بٹ، چیئرمین پریس کلب سوہدرہ حاجی نجیب اللہ ملک، حکیم رفعت نسیم نعیم قیصر مجی، شہباز بخاری محمد اشرف نثار، احمد یار وڑائچ، شیخ محمد جلیل، افتخار حسین صدیقی، کرنل (ر) وقار انور شیخ، وقار احمد چیمہ، محمد اکبر بٹ، میاں جواد احمد، وقاد انجم بپی، طارق محمود سلیمی، محمد خالد مغل، اکبر بشیر ہنجرا، شبیر حسین جونیجو، ملک نصر اللہ بلوچ، طارق محمود، مرزا غلام مصطفیٰ، معاذ ارشد بخاری، جمشید سلطان گھمن، مبشر حسین چیمہ، اللہ دتہ چیمہ، اسد امتیاز خاں، طاہر کھوکھر ایڈووکیٹس، ناصر جمال بٹ، میر ایاز عامر، باؤ شاہد نذیر بٹ سمیت سیاسی وسماجی شخصیات منتخب نمائندوں، مسلم لیگ (ن) کے عہدیداران وکارکنان، وکلاء، صحافیوں تاجر برادری سمیت اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مرحوم کے قل شریف کا ختم پاک مورخہ 11 دسمبر بروز بدھ بعد از نماز ظہر مسجد بلوچاں سرکلر روڈ وزیرآباد میں ہوگا جسمیں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی اور اجتماعی دعا ہوگی۔

مسلم لیگ (ن) کے رہنما حسام وقار چیمہ کا سید خالد حسین شاہ کی ہمشیرہ، بزنس مین سید جمیل شاہ آف لندن، سید تنویر حسین شاہ کی والدہ، رہنما فقہ جعفریہ عارف حسین شاہ ٹریول ایجنسی والوں کی خالہ کی وفات پر انکی رہائشگاہ پر تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی

وزیرآباد (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کے رہنما حسام وقار چیمہ کا سید خالد حسین شاہ کی ہمشیرہ، بزنس مین سید جمیل شاہ آف لندن، سید تنویر حسین شاہ کی والدہ، رہنما فقہ جعفریہ عارف حسین شاہ ٹریول ایجنسی والوں کی خالہ کی وفات پر انکی رہائشگاہ پر تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔ اس موقع پر مولانا سید سجاد شیرازی، عمران سنی کمبوہ، میاں زاہد محمود، وحید الزمان چیمہ، باؤ عدیل محمد طارق و دیگر بھی موجود ہیں۔ تعزیت بعد حسام وقار چیمہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کا سب سے پہلا ہدف مہنگائی، بے روزگاری اور لاقانونیت کا خاتمہ ہے جسکی خاطر مربوط لائحہ عمل مرتب کر لیا گیا ہے مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ عوام کے حقوق کی آواز بلند کی ہے اور آئندہ بھی اس سے دریغ نہیں کریں گے کیونکہ وطن عزیز کو درپیش چیلنجز سے نواز لیگ ہی نکال سکتی ہے ملک جن وجوہات کی بنیاد پر ابتر صورتحال کا شکار ہوا ہے اس سے پوری قوم بخوبی واقف ہے وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں ترقی اور خوشحالی کا نیا دور شروع ہو چکا ہے، ہمارے دشمنوں کو پاکستان کی ترقی ہضم نہیں ہو رہی، عمران خان نے پاکستان کے لیے کونسا اچھا کام کیا، پی ٹی آئی کی تمام تر سیاست اقتدار کے حصول کیلئے ہے انہیں عوام کی کوئی فکر پہلے تھی نہ اب ہے۔

چوہدری مسعود اقبال کی انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی اور رائس ایکسپورٹرز کے ہمراہ آمد صدر فہد نعیم فخری اور انکی ٹیم کو مبارکباد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ضلع چنیوٹ کی ممتاز سیاسی سماجی کاروباری شخصیت و سرپرست اعلیٰ ایوان صنعت و تجارت چوہدری مسعود اقبال کی انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی اور رائس ایکسپورٹرز کے ہمراہ آمد صدر فہد نعیم فخری اور انکی ٹیم کو مبارکباد دی اور سنیئر نائب صدر میاں غلام شبیر کے دفتر کا افتتاح کیا گیا افتتاحی تقریب میں بانی و گروپ لیڈر حاجی محمد نعیم فخری، میاں غلام شبیر، نائب صدر چوہدری جاوید سلیم گجر، سید نور الحسن شاہ، رضوان سونی آرائیں، چوہدری طارق لطیف اینڈ سنز، چوہدری بلال و دیگر نے شرکت کی اس موقع پر صدر فہد نعیم فخری نے تمام مہمانوں کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور سرپرست اعلیٰ ایوان صنعت و تجارت چوہدری مسعود اقبال کی سرپرستی میں چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی کامیابی کے لیے نیک خواہشات نیک تمناؤں کا اظہار کیا جس پر چوہدری مسعود اقبال نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا قیام خوش آئند ہے اور چنیوٹ کی بزنس کمیونٹی کے لیے ایوان صنعت و تجارت کے لئے اپنی خدمات سر انجام دوں گا اور بزنس کمیونٹی کو جہاں بھی میری ضرورت ہوگی میں حاضر ہوں گا

نامعلوم چور شہری کا موٹر سائیکل چرا لے گئے

حافظ آباد (رانا طارق محمود) نامعلوم چور شہری کا موٹر سائیکل چرا لے گئے۔ علی شیرازی سکنہ مدینہ کالونی نے اپنا موٹر سائیکل محلہ رشید پورہ میں کھڑا کیا جسے نامعلوم چور چرا کر رفو چکر ہو گئے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔

پاکستان کی شامی سرزمین پر اسرائیلی جارحیت کی سخت ترین مذمت

شام کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت پر حملہ بین الاقوامی قانون کی سنگین خلاف ورزی ہے، اسرائیل کے اشتعال انگیز اقدامات پہلے سے ہی غیر مستحکم خطے میں خطرناک پیش رفت ہے، پاکستان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے شام پر اسرائیلی جارحیت کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور اسے بین الاقوامی قانون کی سنگین خلاف ورزی قرار دے دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان شام پر اسرائیلی جارحیت کی شدید مذمت کرتا ہے، پاکستان شامی سرزمین پر اسرائیل کے غیر قانونی قبضے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ دفتر خارجہ نے کہا کہ شام کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت پر حملہ بین الاقوامی قانون کی سنگین خلاف ورزی ہے، اسرائیل کے اشتعال انگیز اقدامات پہلے سے ہی غیر مستحکم خطے میں خطرناک پیش رفت ہے۔ دفتر خارجہ نے کہا کہ اسرائیل نے بین الاقوامی قوانین اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کی خلاف ورزی جاری رکھی ہوئی ہے، پاکستان شام کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی مکمل حمایت کا اظہار کرتا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان اسرائیل کی جانب سے طاقت کے ذریعے علاقے کے حصول کو مسترد کرتا ہے، ہم اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد 497 کے لیے اپنی حمایت کا اعادہ کرتے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ سلامتی کونسل کی قرارداد گولان کی پہاڑیوں پر اسرائیل کے الحاق کو مسترد کرتی ہے، سلامتی کونسل اور عالمی برادری اسرائیل کی خطے کے ممالک کے خلاف جارحیت کے خاتمے کے لیے فیصلہ کن اقدامات کرے۔ پاکستان نے واضح کیا کہ مقبوضہ فلسطین اور شام کے گولان سمیت دیگر مقبوضہ علاقوں سے اسرائیل کے مکمل انخلا کے بغیر مشرق وسطیٰ میں امن قائم نہیں ہوسکتا۔

دبئی سے ڈی پورٹ کئے گئے 3 مسافر سیالکوٹ ایئرپورٹ پر گرفتار

تینوں مسافر جعلی پاسپورٹس اور دستاویزات پر دبئی سے سویڈن جانے کی کوشش کر رہے تھے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ایف آئی اے کے امیگریشن سرکل کے عملے نے دبئی سے ڈی پورٹ کیے گئے 3 مسافروں کو سیالکوٹ ایئرپورٹ سے گرفتار کر لیا۔ گجرات کے رہائشی تینوں مسافر جعلی پاسپورٹس اور دستاویزات پر دبئی سے سویڈن جانے کی کوشش کر رہے تھے۔ حکام کے مطابق گجرات کے رہائشی عبدالرحمن کے پاس فرضی نام عاصم نذیر اور انعام الحق کا پاس فرضی نام اکبر علی کا جعلی پاسپورٹس تھا، علی حیدر سہولت کار کے طور پر دونوں مسافروں کے ساتھ تھا۔ ایف آئی اے کے حکام کے مطابق تینوں افراد پاکستان سے 30 نومبر کو زمینی راستے سے ایران پہنچے تھے، ایران میں قیام کے دوران ان کے ایجنٹ میاں کریم نے دبئی کے راستے جعلی دستاویزات پر ان کے سویڈن کے اگلے سفر کا انتظام کیا تھا۔

پاسپورٹ آفس: ٹاؤٹ/ ایجنٹ کارروائی کے خوف سے دفتر کا رخ کرنا چھوڑ گئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاسپورٹ آفس شیخوپورہ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد آصف گل نے گزشتہ روز آفس کے بیرونی احاطہ کا دورہ کیا اور دفتر کی رابطہ سڑک پر موجود تجاوزات کو ہٹانے سمیت سائلین سے ملاقاتیں کیں اور درپیش مسائل کے حوالے سے آگاہی حاصل کی سائلین نے انہیں بتایا کہ رواں ماہ میں مسلسل کی گئی کاروائیوں اور کڑی مانیٹرنگ کے باعث ٹاؤٹوں کی تعداد میں نمایاں کمی آئی ہے اور ان کی سرگرمیاں بھی محدود ہو چکی ہیں اکثریتی ٹاؤٹ اور ایجنٹ کاروائی کے خوف سے دفتر کا رخ کرنا چھوڑ گئے ہیں جس سے پاسپورٹ بنوانے کیلئے آنے والے سائلین کے مالی استحصال کا راستہ بند ہوا ہے، اسسٹنٹ ڈائریکٹر آصف گل نے سائلین کو یقین دہانی کروائی کہ ٹاؤٹوں کو کسی صورت سائلین کا استحصال نہیں کرنے دیا جائے گا اور مانیٹرنگ کا عمل مزید مربوط بنانے کیلئے ہنگامی اقدامات اٹھا کر ٹاؤٹوں کی رہی سہی سرگرمیوں کا بھی مکمل خاتمہ یقینی بنایا جائے گا انہوں نے سائلین سے اپیل کی کہ وہ ٹاؤٹوں کے بہکاوے میں آنے کی بجائے آفس آئیں عملہ انہیں مکمل تعاون فراہم کرے گا ٹاؤٹوں کی موجودگی کی اطلاع براہ راست مجھے دیں فوری کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

وکلاء کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہر اقدام اٹھاؤں گا، چوہدری کاشف علی ڈھڈر

سب وکلاء میرے لئے قابل احترام ہیں ان کی حقوق کی جنگ لڑتا رہوں گا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) قانون کی پاسداری اور وکلاء کے حقوق کے تحفظ کے لئے ہر اقدام اٹھاؤں گا میرا مقصد وکلاء کے محرومیوں کا ازالہ ہے ریڈ پینل نے صدارت کے لئے منتخب کر کے جس اعتماد کا اظہار کیا اس پر پورا اتروں گا سب وکلاء میرے لئے قابل احترام ہیں ان کی حقوق کی جنگ لڑتا رہوں گا ریڈ پینل کی طرف سے امیدوار صدر فیروز والہ بار ایسوسی ایشن چوہدری کاشف علی ڈھڈر ایڈووکیٹ مرزا عبدالباسط ایڈووکیٹ کی نارنگ منڈی میں وکلاء سے ملاقات کے دوران گفتگو ان کا کہنا تھا وکلاء میرے دست وبازو ہیں ان کے حقوق کے لئے ہر اقدام اٹھاؤں گا بدقسمتی سے قانون کی پاسداری نہ ہونے سے معاشرے میں بگاڑ پیدا ہوا جس کی درستگی کے لئے وکلاء سیاسی نمائندوں سماجی تنظیموں میڈیا سمیت تمام شہریوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا وکلاء میرے سر کا تاج ہیں ان کی خدمت کے لئے چوبیس گھنٹے حاضر ہوں۔

خوراک صحت مند زندگی کیلئے اہم کردار ادا کرتی ہے، حکیم ریاض احمد

انڈے، مرغی، مچھلی، دالیں، اور دہی 2، فائبر سے بھرپور سبزیاں اور پھل زیادہ کھائیں



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) موٹاپے کو کم کرنے اور صحت مند زندگی گزارنے کے لیے خوراک اور طرز زندگی میں تبدیلی اہم کردار ادا کرتی ہے حکیم ریاض احمد تفصیلات کے مطابق صدر پاکستان طبی کانفرنس ضلع ننکانہ صاحب حکیم ریاض احمد نے موٹاپا اور خوراک کے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موٹاپا ایک عام مسئلہ ہے جو غیر صحت مند خوراک، جسمانی سرگرمی کی کمی، اور بعض اوقات جنیاتی عوامل یا طبی مسائل کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ موٹاپے کو کم کرنے اور صحت مند زندگی گزارنے کے لیے خوراک اور طرز زندگی میں تبدیلی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ موٹاپا کم کرنے کے لیے خوراک 1. پروٹین سے بھرپور غذا، پروٹین زیادہ کھانے سے پیٹ بھرا رہتا ہے اور وزن کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ مثال کے طور پر انڈے، مرغی، مچھلی، دالیں، اور دہی 2 ،فائبر سے بھرپور سبزیاں اور پھل زیادہ کھائیں یہ کم کیلوریز کے ساتھ جسم کو وٹامنز اور معدنیات فراہم کرتے ہیں۔ 3.پانی کا استعمال بڑھائیں یہ بھوک کو کنٹرول کرتا ہے اور میٹابولزم بہتر کرتا ہے۔ 4.تلی ہوئی اشیاء، میٹھے مشروبات، اور جنک فوڈ کو ترک کریں 5.اپنی پلیٹ کو متوازن رکھیں جیسا کہ 50٪ سبزیاں، 25٪ پروٹین، اور 25٪ صحت مند کاربوہائیڈریٹس۔ موٹاپا کم کرنے کے لیے عادات: 1.روزانہ ورزش، کم از کم 30 منٹ کی جسمانی سرگرمی جیسے چہل قدمی، سائیکلنگ یا یوگا کو معمول بنائیں۔ 2 وقت پر کھانے کی عادت بنائیں اور رات کو دیر سے کھانے سے پرہیز کریں۔ 3 کھانا پلیٹ میں تھوڑی مقدار رکھیں اور آہستہ کھائیں۔ 4.نیند پوری کریں۔

حمزہ شہباز سے اراکین اسمبلی، سیاسی عمائدین، کارکنان کی ملاقاتیں

معیشت کی بہتری کیلئے حکومتی کوششوں کے ثمرات سامنے آنا شروع ہوگئے، سابق وزیراعلیٰ

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف سے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں اراکین اسمبلی، سیاسی عمائدین اور کارکنان نے ملاقات کی جس میں سیاسی، پارٹی امور کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ حمزہ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت معیشت کی بہتری کے لئے دن رات کوشاں ہے اور اس کے ثمرات بھی سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں۔ جو لوگ ملک کو ابتری کی صورتحال تک پہنچانے کے ذمہ دار ہیں عوام ان کے چہروں سے آگاہ ہیں۔

بزنس ایڈوائزری کمیٹی کا قومی اسمبلی اجلاس 20 دسمبر تک جاری رکھنے پر اتفاق

اجلاس میں سپیکر اسمبلی کی ہمشیرہ کے روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی اور بلندی درجات کیلئے دعا کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی ہاؤس بزنس ایڈوائزری کمیٹی نے قومی اسمبلی اجلاس 20 دسمبر تک جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔ منگل کو سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی زیر صدارت قومی اسمبلی کی ہاؤس بزنس ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس ہوا اجلاس میں ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید مہر غلام مصطفیٰ شاہ، وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ، ممبران قومی اسمبلی شیخ آفاقب احمد، طارق فضل چوہدری، نوہت صادق، سید نوید قمر اور شہلا رضا، سید امین الحق، سید حفیظ الدین، بیرسٹر گوہر علی خان، زرتاج گل، ملک محمد عامر ڈوگر، نور عالم خان، پولین، گل اصغر خان، اعجاز حسین جاکھرانی اور علی محمد خان نے شرکت کی۔ اجلاس میں سپیکر اسمبلی کی ہمشیرہ کے روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی اور بلندی درجات کیلئے دعا کی گئی۔

بدقسمتی سے قوم کو بنیادی حقوق کا ہی علم نہیں، ملک توصیف احمد

انسانی حقوق کی تنظیمیں صحافی اور وکلاء انسانی حقوق کے حوالہ سے کافی کام کر رہے ہیں



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ترقی یافتہ اور پسماندہ ممالک میں بنیادی فرق بنیادی انسانی حقوق ہیں۔ جن ممالک میں عوام کو بنیادی انسانی حقوق فراہم کیے جاتے ہیں وہ قومیں ترقی کر جاتی ہیں بدقسمتی سے پاکستان میں ابھی تک بنیادی انسانی حقوق کے متعلق شعور ہی اجاگر نہیں کیا جا سکا۔ ان خیالات کا اظہار نائب صدر پی ایف یو جے ورکرز ملک توصیف احمد نے بنیادی انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر گوجرانوالہ یونین آف جرنلسٹس ورکرز کے زیر اہتمام انسانی حقوق کے عالمی دن پر ریلی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی یہ ہے کہ ابھی تک پاکستانی قوم کو یہی علم نہیں کہ ان کے بنیادی حقوق کون سے ہیں اور حکمران طبقہ اس بات پر تیار نہیں کہ عوام کو باشعور کیا جائے بلکہ اشرافیہ کے مفادات ہی قوم کو ذہنی طور پر پس ماندہ رکھنے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق کی تنظیمیں صحافی اور وکلاء انسانی حقوق کے حوالہ سے کافی کام کر رہے ہیں لیکن ابھی تک پاکستان میں یہ معاملہ ابتدائی مراحل میں ہے جس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ حکومت اشرافیہ اور اور مقتدر حلقوں کا مفاد ہی عوام کو بے شعور رکھنے میں ہے ملک توصیف احمد نے مزید کہا کہ کوئی بھی قوم اس وقت تک ترقی نہیں کر سکتی جب تک بنیادی انسانی حقوق کی فراہمی اور تحفظ کا مربوط نظام موجود نہ ہو۔ اس موقع پر صدر جی یو جے ورکرز افتخار علی بٹ، ممبر ایف ای سی عشرت الماس چوہدری، جاوید بھٹی، چوہدری نصیر ہمایوں، ماجد شاہی، ناجی مہر و دیگر بھی شریک تھے

ولی عہد سعودی عرب کا دورہ پاکستان

وزیراعظم شہباز شریف کا ولی عہد محمد بن سلمان کا پرتپاک استقبال

دونوں رہنماؤں کا دوطرفہ ملاقات، مشترکہ مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان 5 معاہدوں پر دستخط

پاکستان سعودی عرب کا قریبی دوست اور برادر ملک ہے، وزیراعظم

سعودی عرب کی پاکستان میں 5 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی یقین دہانی

**پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون کا فروغ خوش آئند ہے، وزیراعظم

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

مولانا فضل الرحمٰن مدارس پر سیاست نہ کریں!!!!

مدارس کی رجسٹریشن کے مسئلے کو بنیاد بنا کر ایک مرتبہ پھر محاذ آرائی کی کیفیت ہے۔ گذشتہ روز بھی کچھ ایسا ہی دوبارہ یہ موضوع سامنے ہے۔ بلکہ سیاسی معاملات پر روزانہ کچھ نہ کچھ لکھا اور بولا جاتا ہے لیکن مدارس کے معاملے میں پاکستان کے تمام ٹیلی ویژن چینلز اور اخبارات میں لکھنے والے نامور افراد نے گذارش ہے کہ وہ اس معاملے میں قوم کی رہنمائی کرتے ہوئے مدارس کی رجسٹریشن یا مدارس کی اصلاحات والے معاملے میں پاکستان کے تمام تعلیمی اداروں کا مسئلہ ہے اور اسے شخصیات کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑنا چاہیے۔ ایک تعلیمی ادارے اور دیگر اداروں کی طرح مدارس کو بھی نظام کا حصہ ہونا چاہیے۔ بدقسمتی ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن میں معاملے میں سیاست کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ وہ اسے آئی ایم ایف یا ایف اے ٹی ایف سے جوڑ کر لوگوں کے جذبات سے کھیل رہے ہیں اور جذبات ابھارنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ یوں ایک مرتبہ پھر وہ ورلڈ بینک کے مطالبے کو بنیاد بنا کر ایسے ہی مطالبات کر رہے ہیں۔ مدارس کو کنٹرول کریں کیوں؟ امریکا اور مغرب چاہتا ہے، ہمیں بتا ئیں، قوم کے سامنے وہ معاہدے رکھیں انہوں نے کیا شرائط رکھے ہیں۔ لہٰذا محمل کا اعلان کرنے جا رہے تھے تو موقف تھا کہ مٹھائی کے ڈبے پر موٹر سائیکل کیا معاہدہ ہوا تھا، کیا شرائط تھیں، ہمیں بتائیں، قوم کے سامنے رکھیں۔ مولانا فضل الرحمٰن اور ان کے ساتھیوں کو ملک کے بہتر مستقبل اور مدارس کے معاملات کی بہتری کے لیے حکومت کے ساتھ مذاکرات کرنے چاہئیں۔ مولانا فضل الرحمٰن کو چاہیے کہ بڑے دل کا مظاہرہ کریں، سب کچھ حکومت کے حوالے کریں، حکومت جائے، طلباء جائیں، کتابیں دینی تعلیم حاصل کرنے والوں کے اخراجات برداشت کرے، ان کے قیام و طعام کا بندوبست کرے۔ مدارس کے معاملے پر علماء حکومتی اقدامات کے ساتھ ہیں تو اس کا صرف یہ مطلب تو نہیں ہو سکتا کہ علماء آئے اختلاف رائے بھی ہو سکتا ہے تو پھر مولانا فضل الرحمٰن کیوں اسے علماء کے مابین مقابلہ قرار دے رہے ہیں۔

اسلامی نظریاتی کونسل کے سربراہ علامہ راغب نعیمی کہتے ہیں کہ مدارس کا معاملہ تعلیمی ہے اسے سیاسی اکھاڑا نہ بنایا جائے۔ مدارس کے نظام کو کسی بیرونی ایجنڈے سے خطرہ نہیں، مدارس کو وزارت تعلیم کے ساتھ ہی منسلک ہونا چاہیے۔ علامہ طاہر اشرفی کہتے ہیں کہ 2019 میں مدارس کے تنے بوڑھ بننے کا فیصلہ کیا گیا، آج وہ تنا بوڑھ بن کر بہت بڑا برگد بن چکا ہے، ان کو کیوں تکلیف ہے کہ علمائے کرام خود ان سے معاملات طے کریں، ہم کیسے مدارس پر کچھ تھوپ کر سکتے ہیں، ہم پر بلاوجہ کا خوف مسلط کیا جاتا ہے کہ بیرونی ایجنڈا آئے گا اور یہ ہو جائے گا۔ ڈی جی مذہبی تعلیم نظام قریشی جس کو کابینہ کے فیصلے کے بعد مدارس سے متعلق معاہدہ ہوا تھا، طے ہوا تھا کہ تمام مدارس ڈائریکٹریٹ رجسٹریشن ایجوکیشن کے ساتھ منسلک ہوں گے، ہم نے مدارس کو دی دھمارے میں لانا ہے اور تعلیمی نظام کو سپورٹ کرنا ہے۔

مولانا فضل الرحمٰن کو میز کے دوسری طرف بیٹھے علماء کو بھی اپنی اہمیت دینی چاہیے، انہیں یہ بھی سمجھنا ہوگا کہ صرف دینی مدارس کی مخالفت کے لیے میدان میں مدارس کی مخالفت کے لیے میدان میں مساجد کی ذمہ داری حکومت پر ہونی چاہیے، مساجد کا ستاف حکومت کے ذمے ہونی چاہیے۔ مدارس کی بھی طور طریقے کے کسی بھی شاندار اور بہترین سکول، کالج یا یونیورسٹی سے کم نہیں، مولانا کو مدارس کے مثبتی مقام و مرتبے کو بحال کرنے کے لیے میدان میں آنا چاہیے۔ مدارس کو متنازع نہ بنائیں اور اسے سیاسی اکھاڑا نہ بنایا جائے۔

شام کی صبح آزادی اور مرشد کا بائیکاٹ۔

رات کے پچھلے پہر، لگ بھگ ایک ہی وقت میں حمص اور دمشق فتح ہو گئے۔ شمال سے آنے والے انقلابی حمص میں داخل ہوئے، جنوب میں الدرعا اور السویدا پر قبضے کے بعد جنوب کے انقلابی دمشق جا پہنچے۔ اگلی دوپہر تک پورا شام نصیری قبیلے کی 54 سالہ غلامی سے آزاد ہو چکا تھا۔ حلب کی فتح کے بعد ایک ہفتے میں یہ سب کچھ ہو گیا۔

ایک قطعی کی وضاحت اور مغذرت ضروری ہے۔ پچھلے کالم میں جو "حمص کے بعد دمشق" کے عنوان سے چھپا، حمص کے انگریزی سپیلنگ لکھتے ہوئے لاشعور میں حماس (غزہ) کا نام آ گیا اور وہی لکھ دیا یعنی HAMAS۔ دراصل یہ HOMS تھا۔

ادلیب میں دس سال تک محدود الجولانی کی جولان کا آپ پورا شام ہے۔ بشار الاسد سے مکمل فرار ہو گیا۔ شیخ شام پر شام ہی نہیں، لبنان میں بھی جشن منائے گئے۔ اب حزب اللہ کی چیرہ دستیوں سے نجات ہو جائے گی۔ حزب اللہ کو آسیجن ایران سے براستہ شام ملتی تھی، اب وہ پائپ لائن کٹ گئی۔ شام کی تحریک آزادی 2011 میں شروع ہوئی تھی اور تیرہ برس میں دل لاکھ حصص قربان کر کے یہ آزادی پائی یا لاکھ حاصل کی گئی۔ اب تک جو ہوا، وہ "ثبت" نظر آ رہا ہے لیکن امریکہ نے کسی ثبت کو پہلے کب ثبت رہنے دیا جو وہ اب پہنچن سے پہنچے گا۔ اس نے ہر استحکام کو انتشار میں بدلا ہے، ہر اتحاد کی ٹہنی کی بیخ کنی کی



چیمپئنز ٹرافی پر ڈیڈلاک آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کی بھی انٹری

چیمپئنز ٹرافی پر غیر یقینی صورتحال ہے تمام چیزوں سے آگاہ اور معاملہ جلد حل کروایا جائے، تینوں بورڈز کا ناراضگی کا اظہار

دبئی (این این آئی) چیمپئنز ٹرافی پر پاکستان، آئی سی سی اور بی سی سی آئی کے درمیان ڈیڈ لاک برقرار ہے جبکہ آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ بورڈ نے بھی انٹری مار لی۔ ذرائع کے مطابق آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کے کرکٹ بورڈ نے آئی سی سی سے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی پر غیر یقینی صورتحال ہے تمام چیزوں سے آگاہ کیا جائے اور معاملہ جلد حل کروایا جائے۔ تینوں بورڈز نے ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی کا شیڈول ابھی تک اعلان نہیں ہوا، آئی سی سی کو ابھی سے طے کر لینا چاہیے کہ چیمپئنز ٹرافی اور اگلے ٹورنامنٹس میں کیا ہوگا۔ بورڈز نے پی سی بی کے حق میں بات کرتے ہوئے کہا کہ اگر اس مرتبہ بھارت پاکستان نہ جانے کا کہہ رہا ہے آئندہ کسی بھی ملک میں جانے سے منع کر سکتا ہے، اسکا حل نکلنا چاہیے۔ دوسری جانب پاکستان کرکٹ بورڈ کا کہنا ہے کہ بھارتی کرکٹ بورڈ جب تک دستخط نہیں کرے گا پاکستان اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹے گا، وفاقی حکومت اس مرتبہ کسی قسم کا رسک نہیں لینا چاہتی، تحریری طور پر گارنٹی آئے گی تو بات آگے بڑھے گی۔



لاہور: سپورٹس پنجاب کی والی بال ٹیم کے تربیتی کیمپ میں کھلاڑی پریکٹس کر رہی ہیں۔

بی پی ایل اور لنکا ٹی 10 لیگ کیلئے پاکستانی کرکٹرز کو این او سی جاری

لاہور (این این آئی) بنگلادیش پریمیئر لیگ (بی پی ایل) اور لنکا ٹی 10 لیگ کیلئے پاکستانی کرکٹرز کو عدم اعتراض سرٹیفکیٹ (این او سی) جاری کر دیے گئے ہیں۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے بنگلادیش پریمیئر لیگ اور لنکا ٹی 10 لیگ کیلئے متعدد کرکٹرز کو این او سی جاری کر دیے۔ لنکا ٹی 10 لیگ کیلئے آصف علی، عمر اکمل، عمران خان اور محمد عامر کو این او سی جاری کیے گئے ہیں۔ فہیم اشرف کو بی پی ایل کیلئے این او سی جاری کیا گیا ہے۔ پی سی بی کے مطابق فہیم اشرف کو بی پی ایل کے لیے 30 دسمبر سے 7 فروری تک این او سی جاری کیا گیا۔

معروف فٹ بالر کی فیراری کو خوفناک حادثہ، اسٹرائیکر آئی سی یو میں داخل

لندن (این این آئی) انگلش پریمیئر لیگ کی ٹیم ویسٹ ہیم کے اسٹرائیکر مائیکل انتونیو کی فیراری کار خوفناک حادثے کا شکار ہوگئی، فٹ بالر کو آئی سی یو میں داخل کر دیا گیا۔ ایکسس کاؤنٹی فائر اینڈ ریسکیو سروس کا کہنا ہے کہ انہوں نے اپنگ میں ہونے والے حادثے کے مقام پر پہنچ کر اپنی گاڑی میں پھنسے اسٹرائیکر کو زخمی حالت میں باہر نکالا۔ جیکا کے فٹ بالر مائیکل کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ مستحکم حالت میں ہیں۔

جوناتھن ٹراٹ کے بطور افغان کوچ کنٹریکٹ میں ایک مرتبہ پھر توسیع



کابل (این این آئی) سابق انگلش کرکٹر جوناتھن ٹراٹ کے بطور افغان کوچ کنٹریکٹ میں ایک مرتبہ پھر توسیع کر دی گئی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق افغان کرکٹ بورڈ نے جوناتھن ٹراٹ کے معاہدے میں 12 ماہ کی توسیع کی ہے جو کہ 2025ء کے اختتام تک برقرار رہے گی۔ واضح رہے کہ افغانستان کرکٹ ٹیم نے گزشتہ سال ورلڈ کپ میں انگلینڈ، پاکستان اور سری لنکا کو شکست دی تھی۔ رواں سال ہوئے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کا سیمی فائنل جنوبی افریقہ کے خلاف کھیلا تھا تاہم یہاں افغان ٹیم کو شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ یاد رہے کہ جوناتھن ٹراٹ کے کنٹریکٹ میں اس سے قبل بھی 2024ء تک توسیع کی گئی تھی۔

چیمپئنز ٹرافی، پاکستان کا ہائبرڈ ماڈل پر آئی سی سی سے تحریری یقین دہانی کا مطالبہ

آئی سی سی سے چیمپئنز ٹرافی 2025 کے حوالے سے حتمی اعلان بدھ کے روز متوقع ہے، بھارتی میڈیا

نئی دہلی (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے چیمپئنز ٹرافی 2025 کے ہائبرڈ ماڈل پر انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) سے تحریری یقین دہانی مانگ لی۔ بھارتی نشریاتی ادارے 'این ڈی ٹی وی' نے 'انڈو-ایشین نیوز سروس' کے حوالے سے بتایا ہے کہ آئی سی سی کی جانب سے چیمپئنز ٹرافی 2025 کے حوالے سے حتمی اعلان بدھ کے روز متوقع ہے۔ بھارتی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ پی سی بی نے مبینہ طور پر آئی سی سی سے مستقبل کے ٹورنامنٹس کے لیے ہائبرڈ ماڈل پر تحریری یقین دہانی کا مطالبہ کیا ہے، یہ مطالبہ ایک ایسے وقت سامنے آیا جب بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے آئی سی سی کو آگاہ کیا کہ بھارتی ٹیم حکومت کی پالیسی کے تحت پاکستان کا دورہ نہیں کرے گی۔ خیال رہے کہ چیمپئنز ٹرافی کے حوالے سے ڈیڈ لاک کے بعد پی سی بی نے چیمپئنز ٹرافی کے لیے ہائبرڈ ماڈل کو قبول کرنے پر رضامندی ظاہر کی تھی جس میں بھارت کے میچ دبئی میں کھیلے جائیں گے جبکہ باقی ٹورنامنٹ پاکستان میں کھیلا جائے گا۔ گروپ میچز کے علاوہ اس ماڈل کے تحت بھارت سیمی فائنل اور فائنل میچز بھی دبئی میں کھیلے گا۔ تاہم پی سی بی نے آئی سی سی سے مستقبل میں بھارت میں منعقد ہونے والے بین الاقوامی ایونٹس کے لیے ہائبرڈ ماڈل پر تحریری یقین دہانی کا مطالبہ کیا ہے، ذرائع کے مطابق چیمپئنز ٹرافی کے حوالے سے فیصلہ بدھ تک متوقع ہے۔

مائیکل وان نے 4 روزہ ٹیسٹ کرکٹ کیلئے آواز بلند کر دی

5 کے بجائے ٹیسٹ کو 4 روز کا کرنا وقت کی ضرورت ہے، ایک دن بچ جائے گا، گفتگو



لندن (این این آئی) انگلینڈ کرکٹ کے سابق کپتان مائیکل وان نے 4 روزہ ٹیسٹ کرکٹ کے لیے آواز بلند کر دی۔ اس حوالے سے مائیکل وان کا کہنا ہے کہ ٹیسٹ کرکٹ کا ایک روز کم کرنے سے کرکٹ شیڈولنگ میں آسانی ہوگی، 5 کے بجائے ٹیسٹ کو 4 روز کا کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان دنوں کرکٹرز بہت زیادہ تفریح مہیا کر رہے ہیں، جمعرات کو میچ شروع ہو اور اتوار کو اس کا اختتام ہو جائے۔ مائیکل وان کا کہنا ہے کہ 4 روز کا میچ ہونے سے ہر کسی کو سمجھنے میں آسانی ہوگی، اب کرکٹ اس طرح نہیں کھیلی جا رہی جس طرح 80 اور 90 کی دہائی میں کھیلی جاتی تھی۔ انگلش ٹیم کے سابق کپتان نے کہا ہے کہ آج کل کھلاڑیوں نے کرکٹ کو برانڈ بنا دیا ہے، وہ جلد سے جلد جیتنے کی کوشش کرتے ہیں، میں تو سب کو کہوں گا کہ 4 روزہ ٹیسٹ کرنے کے حوالے سے سنجیدگی سے غور کریں۔

جنوبی افریقا میں بھی بہترین نتائج کیلئے پرعزم ہیں، محمد رضوان



ڈربن (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان محمد رضوان کا کہنا ہے کہ جنوبی افریقا کے خلاف سیریز ایک نیا چیلنج ہے، ٹیم نے آسٹریلیا اور زمبابوے میں اچھی پرفارمنس دی، یہاں بھی بہترین نتائج کیلئے پرعزم ہیں۔ ڈربن میں گفتگو کرتے ہوئے پاکستان وائٹ بال ٹیم کے کپتان محمد رضوان نے کہا کہ ماضی کی پرفارمنس ہمارے لیے معنی نہیں رکھتی، یہاں پر سیریز کے لیے آئے ہیں، یہ ایک چیلنج ہے۔ محمد رضوان نے کہا کہ امید ہے جیسی پرفارمنس کھلاڑیوں نے آسٹریلیا اور زمبابوے میں دی یہاں بھی دیں گے، پاکستان کے نوجوان کھلاڑی باصلاحیت ہیں۔ محمد رضوان نے کہا کہ چیمپئنز کپ کیلئے پانچ ٹیمیں بنی ہیں۔ چیمپئنز کپ سے نئے نئے کھلاڑیوں کو قومی ٹیم میں آزمایا گیا۔

گاما ورلڈ ایم اے چیمپئن شپ، پاکستانی فائٹر فائنل میں پہنچ گیا

جکارتا (این این آئی) انڈونیشیا میں جاری گاما ورلڈ ایم اے چیمپئن شپ میں پاکستان کے محمد ثابت فائنل میں پہنچ گئے۔ سیمی فائنل میں محمد ثاقب نے قازقستان کے فائٹر کو شکست دی، محمد ثاقب نے اٹڈر-18 کے 52 اثاریہ دو کے جی کیٹگری میں کامیابی حاصل کی۔ محمد ثاقب کے مدمقابل قازقستان کے فائٹر نے تیسرے راونڈ میں ہار قبول کر لی۔ گاما ورلڈ ایم اے چیمپئن شپ کا فائنل کل کھیلا جائے گا۔

پاکستان آرمی نے قائداعظم نیشنل ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ 2024 جیت لی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپورٹس بورڈ کوچنگ سینٹر لاہور میں قائداعظم نیشنل ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ کا انعقاد ہوا۔ تین دن تک جاری رہنے والی اس چیمپئن شپ میں ملک کے بہترین ویٹ لفٹرز نے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ چیمپئن شپ کے تیسرے دن کے اختتام پر پاکستان آرمی نے 78 پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کر لی۔ پاکستان واپڈا 71 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہی، جبکہ پنجاب نے 36 پوائنٹس کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ آزاد کشمیر نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چوتھی پوزیشن حاصل کی۔

جنوبی افریقا ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے پوائنٹس ٹیبل پر سرفہرست، آسٹریلیا کو پیچھے چھوڑ دیا

ڈربن (این این آئی) جنوبی افریقا ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے پوائنٹس ٹیبل پر سرفہرست آگیا۔ جنوبی افریقا نے سینٹ جارج پارک میں کھیلے گئے دوسرے ٹیسٹ میں سری لنکا کو 109 رنز سے شکست دے کر ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ (WTC) ٹیبل میں سرفہرست مقام حاصل کر لیا ہے۔ میزبان ٹیم نے صبح سری لنکا کو 238 رنز پر آؤٹ کر کے سیریز 2-0 سے اپنے نام کر لی۔

فخر نے ہیڈ کوچ کی جانب سے اَن فٹ ہونے کے بیان کو مسترد کر دیا

اور اگر موقع ملا تو پاکستان ٹیم میں ضرور کھیلوں گا، فخر زمان کا انٹرویو



اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے بائیں ہاتھ کے اوپنر فخر زمان نے جنوبی افریقا کے خلاف سیریز میں فٹنس مسائل کی وجہ سے قومی اسکواڈ سے باہر کیے جانے کے تاثر کو مسترد کر دیا۔ گزشتہ دنوں جنوبی افریقا کے خلاف ٹیسٹ، ایک روزہ اور ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے اسکواڈ کا اعلان کیا گیا جس میں فخر زمان سمیت اہم کھلاڑیوں کو شامل نہیں کیا گیا۔ فخر زمان سے متعلق عبوری وائٹ بال ہیڈ کوچ عاقب جاوید نے کہا تھا کہ فخر کے نام پر اس لیے نہیں غور کیا گیا کہ وہ ابھی فارم اور میچ فٹنس حاصل نہیں کر پائے ہیں تاہم فخر جو اس وقت قومی ڈومیسٹک چیمپئنز ٹی ٹوئنٹی کپ میں مارخورز کی ٹیم کا حصہ ہیں، نے لائنز کے خلاف اپنی ٹیم کے افتتاحی میچ کے دوران ایک انٹرویو میں اپنی فٹنس اور ٹیم میں واپسی سے متعلق سوالات کے جواب دیے۔ فخر زمان نے کہا کہ میں فٹ ہوں اور اسی لیے کھیل رہا ہوں، اور اگر موقع ملا تو پاکستان ٹیم میں ضرور کھیلوں گا۔

ایشیا فٹبال کپ کے کوالیفائنگ راؤنڈ کیلئے ڈرازکا اعلان، پاکستان 6 میچز کھیلے گا

کوالیفائنگ راوند 25 مارچ سے 31 جون تک ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) ایشیا فٹبال کپ کے کوالیفائنگ راؤنڈ کیلئے ڈراز کا اعلان کر دیا گیا، گروپ ای میں شامل پاکستان اپنا پہلا میچ 25 مارچ کو کھیلے گا۔ ایشیا فٹبال کپ 2027 میں سعودی عرب میں ہوگا، فٹبال کپ کیلئے ہونے والے کوالیفائنگ راؤنڈ کے ڈراز کی تقریب ملائیشیا میں ہوئی، کوالیفائنگ راوند 25 مارچ سے 31 جون تک ہوں گے جس میں پاکستان ہوم اینڈ اوے کی بنیاد پر چھ میچز کھیلے گا۔ پاکستان گروپ ای میں شامل ہے جس میں شام، افغانستان اور میانمار کی ٹیمیں بھی ہیں، پاکستان پہلا میچ 25 مارچ کو شام کے خلاف کھیلے گا، قومی ٹیم ہوم گراونڈ پر 10 جون کو میانمار کے خلاف میچ کھیلے گا، پاکستان کا تیسرا میچ افغانستان کے خلاف ہوم گراونڈ پر ہوگا۔







SHOWBIZ

پاکستان فلم انڈسٹری کی نٹ کھٹ اداکارہ بابرہ شریف نے زندگی کی 70 بہاریں دیکھ لیں

1970 اور 1980 کی دہائیوں میں وہ پاکستان کی صف اول کی اداکاراؤں میں شامل ہوئیں



لاہور (این این آئی) پاکستان فلم انڈسٹری کی نٹ کھٹ، خوبصورت، باصلاحیت اور منفرد اداکارہ بابرہ شریف نے زندگی کی 70 بہاریں دیکھ لیں۔ 10 دسمبر 1954ء کو پیدا ہونے والی خوبرو اداکارہ لالی ووڈ کی ایسی فلمی ہیروئن ہیں جنہوں نے اپنے تین عشروں پر مشتمل طویل فلمی کیریئر کے دوران اپنی اداکاری، دلکش مسکراہٹ اور لاجواب پرفارمنس سے مداحوں کے دلوں پر خوب راج کیا۔ اداکارہ بابرہ شریف نے اپنے فن کا آغاز 1973ء میں ڈرامہ کرن کہانی سے کیا اور جلد ہی فلم انڈسٹری کا حصہ بن گئیں، 1970 اور 1980 کی دہائیوں میں وہ پاکستان کی صف اول کی اداکاراؤں میں شامل ہوئیں۔ خوبرو اداکارہ بابرہ شریف نے 30 سالہ کیریئر میں 100 سے زیادہ فلموں میں کام کیا، ان کی مشہور فلموں میں میرا نام ہے محبت، شبانہ اور شریف بدمعاش سمیت متعدد فلموں نے کامیابی کے نئے ریکارڈز قائم کئے۔

شادی کے حوالے سے جلد ہی خوشخبری دوں گی، گلوکارہ شازیہ منظور

پشاور کا اداکار شادی کیلئے میری منتیں کرتا رہا

مسلسل ایک ماہ تک شادی کے پیغامات بھیجے اور اپنی محبت کا اظہار کیا



لاہور (این این آئی) معروف گلوکارہ شازیہ منظور نے انکشاف کیا ہے کہ پشاور کا اداکار شادی کیلئے میری منتیں کرتا رہا ہے۔ گلوکارہ شازیہ منظور نے ایک پروگرام کے دوران بتایا کہ پشاور کے ایک اداکار نے مسلسل ایک ماہ تک انہیں شادی کے پیغامات بھیجے اور اپنی محبت کا اظہار کیا، لیکن گلوکارہ کے نظر انداز کرنے پر آخرکار تھک ہار کر پیغام بھیجا کہ اگر شادی نہیں کرنی تو کسی اور گلوکارہ کا نمبر دے دیں۔ معروف گلوکارہ نے مذاقاً کہا کہ اس اداکار نے ان سے آئمہ بیگ، حمیرا ارشد یا حمیرا چنا میں سے کسی کا نمبر مانگا تھا، گلوکارہ نے اس اداکار کا نام ظاہر نہیں کیا لیکن کہا کہ وہ پشاور سے تعلق رکھتا ہے۔ انہوں نے اپنی شادی کے حوالے سے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ ابھی تک ان کی شادی نہیں ہوئی، لیکن جلد ہی وہ اس حوالے سے خوشخبری دیں گی۔

ورون دھون کی فلم 'بے بی جان' کے ٹریلر نے دھوم مچادی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار ورون دھون کی ایکشن سے بھرپور فلم 'بے بی جان' کے ٹریلر نے دھوم مچادی۔ اداکار ورون دھون کی فلم 'بے بی جان' کے ٹریلر جاری کر دیا گیا جس میں جیکی شیروف منفی کردار نبھائیں گے جبکہ کیرتی سریش کا ہندی فلم ڈیبیو ہے اور اس میں وامیکا گبی بھی ہیں، جو سلور اسکرین پر ڈیبیو کر رہی ہیں، اداکار راجپال یادیو بھی فلم میں شامل ہیں۔ 'بے بی جان' کی ہدایت کاری کلیس نے کی ہے اور یہ جیو اسٹوڈیوز اور نامور ڈائریکٹر اٹلی کمار کی پیشکش ہے۔ فلم کو مراد کھیتانی، پریا اٹلی اور جیوتی دیش پانڈے نے پروڈیوس کیا ہے جبکہ موسیقی تھمن ایس نے ترتیب دی ہے۔ ورون دھون کی فلم کا عامر خان کی فلم 'ستارے زمین پر' سے تصادم متوقع ہے۔

اداکارہ کترینہ کیف اور وکی کوشل کی شادی کو 3 سال مکمل ہو گئے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ کترینہ کیف اور وکی کوشل کی شادی کو 3 سال مکمل ہو گئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اس موقع پر 41 سالہ کترینہ کیف نے وکی کوشل کے ساتھ ان دیکھی سیلفی شیئر کی ہے۔ اداکارہ نے 9 دسمبر کو سوشل میڈیا پر اپنے شوہر وکی کوشل سے محبت کا اظہار بھی کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کترینہ کیف نے وکی کوشل کے ساتھ جو سیلفی شیئر کی ہے، وہ تصویر انہوں نے پہلی دفعہ شیئر کی ہے۔ اداکارہ نے تصویر کے ساتھ لکھا کہ دل تو جان تو۔ واضح رہے کہ وکی کوشل اور کترینہ کیف کی شادی 2021ء میں راجستھان میں ہوئی تھی۔ اس سے قبل دونوں کی ڈیٹنگ کی خبریں بھی سامنے آئی تھیں۔

''چھیاں چھیاں'' کیلئے پہلی ترجیح ملائیکا اروڑا نہیں تھیں، شلپا شرو ڈکر کا انکشاف

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ شلپا شرو ڈکر نے انکشاف کیا ہے کہ فلم 'دل سے' کے شہرہ آفاق گانے 'چل چھیاں چھیاں' کیلئے پہلی ترجیح ملائیکا اروڑا نہیں بلکہ میں تھی۔ 51 سالہ بالی ووڈ اداکارہ جو بگ باس سیزن 18 کا حصہ ہیں، نے انکشاف کیا کہ شہرہ آفاق گانے کیلئے شاہ رخ خان کے مقابل اولین ترجیح میں تھی۔ شاہ رخ خان اور ملائیکا اروڑا پر چلتی ٹرین کی چھت پر فلمائے گئے گانے نے بالی ووڈ فلموں کے ہر شائق کے دل پر گہرا تاثر چھوڑا۔ بگ باس 18 کی حالیہ قسط کے دوران شلپا شرو ڈکر نے انکشاف کیا کہ 'چل چھیاں چھیاں' میں کام کرنے کیلئے پہلے مجھ سے رابطہ کیا گیا تھا، لیکن بعد میں فرح خان نے مجھے موٹی کہہ کر مسترد کر دیا تھا۔

ادا کارہ نندنی کرناٹکی نے بغیر شادی کے پوری زندگی مشہور ہدایتکار کی بیوہ سمجھ کر گزار دی

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ فلم نگری میں کئی اداکارائیں ایسی ہیں جنہوں نے بغیر شادی کیے اپنی زندگی کے کئی برس گزار لیے لیکن آج تک ایسی اداکارہ کا نام نہیں سنا ہوگا جس نے غیر شادی شدہ ہونے کے باوجود بیوہ کے طور پر اپنی پوری زندگی گزار دی۔ جی ہاں یہاں بالی وڈ کی ایک ایسی اداکارہ کے بارے میں بات کرنے جا رہے ہیں جنہوں نے کبھی شادی نہیں کی، لیکن ایک مشہور ہدایتکار کی بیوہ کے طور پر جیتی رہیں۔ یہ ایک ایسی اداکارہ ہیں جنہوں نے شاید اپنی محبت کو بہت چاہا لیکن شاید محبت مل جانا انکی قسمت میں شامل نہ تھا اور تقدیر نے ایسا پلٹا کھایا کہ انکی محبت کے آڑے آ گئی۔ یہ کوئی اور نہیں بلکہ اداکارہ نندنی کرناٹکی ہیں جنہوں نے اپنے کیریئر کا آغاز سات سال کی عمر میں اپنے والد کی فلم 'مندیر' (1948) سے بطور چائلڈ آرٹسٹ کیا۔ بیبی نندا کے نام سے مشہور اس اداکارہ نے تقریباً تین دہائیوں تک فلم انڈسٹری پر حکمرانی کی اور اپنے اس کیریئر میں نامور اداکار دیو انند، راجیش کھنہ، منوج کمار اور ششی کپور کے ساتھ بھی کام کیا۔ کہا جاتا ہے کہ نندنی نے اپنی پوری زندگی خود کو محبت سے دور رکھا لیکن معروف ہدایتکار منموہن دیسائی ان سے محبت کر بیٹھے لیکن یہ محبت ایسی تھی کہ کبھی خود سے اظہار محبت کرنے کی ہمت نہ ہوئی۔

دوسرے بچے کے سوال پر ابھیشک سوال گول کر گئے

ابھی اگلی پیڑھی جو آئیگی تب دیکھیں گے، عمر کا لحاظ کیا کرو، رتیش دیشمکھ کو جواب



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکار ابھیشک بچن اور انکی اہلیہ معروف اداکارہ ایشوریا رائے بچن کے درمیان علیحدگی کے حوالے سے افواہیں گزشتہ چند ماہ سے زیر گردش ہیں۔ ابھیشک بچن بالی وڈ اداکار رتیش دیشمکھ کے شو 'کیس تو بنتا ہے' میں بطور اسپیشل گیسٹ شریک ہوئے، جہاں پر ان سے دوسرے بچے کی پیدائش کے بارے میں سوال کیا گیا تو انھوں نے جواب دیتے ہوئے کہا نہیں ابھی اگلی پیڑھی جو آئیگی تب دیکھیں گے۔ جب رتیش دیشمکھ نے زور دیا تو ابھیشک نے سوال کو گھما دیا اور کہا کہ عمر کا لحاظ کیا کرو، رتیش میاں ہم تم سے بڑے ہیں جس پر رتیش نے انکے پیر پکڑ کو چھوا۔ واضح رہے کہ بالی ووڈ جوڑی کی علیحدگی سے متعلق افواہوں کا زور اس وقت ٹوٹ گیا جب گزشتہ دنوں ابھیشک اور ایشوریا شادی کی ایک تقریب میں اکٹھے نظر آئے جہاں دونوں کی ایک ساتھ تصاویر بھی بنائی گئیں۔

ادا کارہ ثناء شعیب کو بولڈ لباس پہننا مہنگا پڑ گیا، شدید تنقید

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ثنا شعیب کا بولڈ فیشن لک مداحوں کو برہم کر گیا۔ ثنا شعیب پاکستان کی قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شعیب ملک سے شادی کرنے سے قبل ثنا جاوید کے نام سے پہچانی جاتی تھیں تاہم شادی کے بعد انہوں نے اپنا نام تبدیل کرلیا۔ ثنا نے بطور ماڈل شوبز میں اپنے کریئر کا آغاز کیا اور سال 2012 میں ڈرامہ شہر ذات سے اداکاری کے میدان میں قدم رکھا، ان کا پہلا ڈرامہ ''میرا پہلا پیار'' تھا جس میں معاون کردار ادا کیا اور جس کے بعد ''شہر ذات'' میں ایک چھوٹے سے رول میں نظر آئیں۔ ثنا جاوید کو ہم ٹی وی کے ڈرامے ''ذرا یاد کر'' سے شہرت ملی جس کے بعد انہوں نے ''خانی''، ''رسوائی'' اور ''ڈنک'' جیسے بلاک بسٹر ڈراموں کے ذریعے اپنی اداکاری کا لوہا منوایا۔ ثنا نے 2017 میں ''مہر النساوی لب یو'' میں دانش تیمور کے مدمقابل ہیروئن کا کردار نبھا کر فلم میں اپنا ڈیبیو کیا۔ ذاتی زندگی کی بات کی جائے تو اداکارہ کو ڈوڈ کے دوران سادگی سے شادی کر کے گلوکار عمیر جیسوال کے ساتھ شادی کے بندھن میں بندھی تھیں تاہم 2023 میں جوڑے کی طلاق ہوگئی۔ بعدازاں جنوری 2024 میں انہوں نے پاکستانی کرکٹر شعیب ملک سے شادی کی جس کا اعلان دونوں نے انسٹاگرام پوسٹ کے ذریعے کیا، شعیب ملک نے اس سے قبل بھارتی ٹینس اسٹار ثانیہ مرزا سے شادی کی تھی۔ شادی کے بعد سے ثنا جاوید تاحال کسی پروجیکٹ میں اداکاری کرتی نظر نہیں آئیں البتہ ماڈلنگ کا سلسلہ انہوں نے جاری رکھا ہوا ہے اس کے علاوہ وہ اپنی اور شعیب ملک کی تصاویر بھی سوشل میڈیا پر شیئر کرتی رہتی ہیں۔ تاہم اداکارہ کی حالیہ تصویر جہاں فیشن گیم کو ہائی کرتی نظر آئی وہیں انہیں ایک بار پھر تنقید کا نشانہ بنا گئی۔ سیاہ بلیزر اور پینٹ کے ساتھ اداکارہ نے ٹیوب ٹاپ کا انتخاب کیا جس کے ساتھ ان کے کھلے بال، ہاتھ میں پکڑا کلچ ریلیکسنگ فیل دیتے نظر آئے البتہ ان کی یہ بولڈ لک مداحوں کو بالکل پسند نہ آئی۔ تصاویر کے کمنٹس سیکشن میں سوشل میڈیا صارفین نے کھل کر اپنی برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اداکارہ کے لباس کو نامناسب قرار دیا۔ ایک صارف نے لکھا کہ لباس کا انتخاب کرتے ہوئے آنکھیں کھول کر دیکھ لیا کریں کہ ہے کیا؟، جبکہ ایک اور صارف نے لکھا کہ بے شرمی کی انتہا ہے ویسے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد ذیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ہمیشہ کرپشن سے پاک ممالک ہی ترقی یافتہ ہوئے ہیں،نوفل زکریا کھانڈ

عالمی رینکنگ میں وطن عزیز کانمبر قابل فکر ہے۔شاف علی کھانڈ



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے)بدعنوانی و کرپشن وہ ناسور ہے جو قوموں کیلئے زہر قاتل کی مانند ہے۔تاریخ گواہ ہے کہ جن معاشروں میں ریاستی ادارے و عدالتیں آزاد ہوں وہ ہی ترقی یافتہ بن کر اقوام عالم میں ابھرے ہیں مگر افسوس وشرمندگی کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ من حیث القوم عوام الناس ہو یا اشرافیہ بدقسمتی کیساتھ ہم پاکستانی کرپشن میں آگے رہے ہیں۔ان باتوں کا اظہار معروف سیاسی وسماجی شخصیت نوفل زکریا کھانڈ اور جناح کا پاکستان کے سینئرل گورنر شاف علی کھانڈ نے کرپشن کے عالمی دن کے حوالہ سے اپنے میڈیا بیان میں کیا۔انہوں نے کہا کہ آج ہم سب پاکستانیوں کو خود سے ایک سوال کرنا چاہئے کہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح اور انکے رفقاء ہمارے آباؤ اجداد نے جس پاکستان کی بنیاد رکھی اور مفکر پاکستان ڈاکٹر محمد علامہ اقبال نے جس آزاد وخودمختار پاکستان کا خواب دیکھا تھا کیا آج کا پاکستان وہ پاکستان ہے؟اج ہم سب کو دشنام طرازی کی بجائے خود احتسابی و قومی یکجہتی کی ضرورت ہے۔

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن محفوظ پنجاب کے تحت عملی اقدامات جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن محفوظ پنجاب کے تحت عملی اقدامات جاری ہیں۔ضلع بھر میں ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے مشکوک افراد اور گاڑیوں کی چیکنگ کا عمل جاری ہے۔پولیس نے گزشتہ ماہ نومبر میں ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 2118 افراد کو چیک کیا۔ایک ماہ کے دوران پولیس نے ای پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 4989وہیکلز کو چیک کیا۔ای پولیس پوسٹ ایپ سے چیکنگ کے دوران مطلوب 12 مختلف مسروقہ وہیکلز برآمد ہوئیں۔ ای پولیس پوسٹ چیکنگ کے دوران مختلف مقدمات میں مطلوب 2مجرمان اشتہاریوں کو بھی گرفتار کیا گیا۔اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ ضلع بھر میں سرچ آپریشن،سنیپ چیکنگ، ای پی پی چیکنگ کر کے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔جدید ٹیکنالوجی کا بہترین استعمال کر کے کریمینلز کیخلاف کاروائیاں تیزی سے جاری ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کو ہر صورت یقینی بنایا جارہا ہے۔

نیویارک چیمبر کے سالانہ پروگرام اور ایوارڈز کی تقریب

مشترکہ اشتراک سے گورنر ہاؤس میں کرسمس کا کیک کاٹا جائے گا



دیہاپال پور(زاہد عمران۔نمائندہ قوت)نیویارک چیمبر آف سمال بزنس کارپوریشن کے فاونڈر سید علمدار حسین شاہ نے سردار سلیم حیدر گورنر پنجاب کو نیویارک میں چیمبر کے سالانہ ایوارڈز کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی مدعو کیا جس پر گورنر پنجاب نے انکی دعوت قبول کر لی ہے اور جنوری کے پہلے ہفتے میں نیویارک میں ہونے والے نیویارک چیمبر کے سالانہ پروگرام اور ایوارڈز کی تقریب میں شرکت کرنے کا وعدہ کرنے پر سید علمدار حسین شاہ نے انکا شکریہ ادا کیا ہے۔اس موقع پر ایک پروگرام ترتیب دیا گیا جس کے مطابق 22دسمبر کو بشپ ہاؤس ساہوال اور نیویارک چیمبر کے مشترکہ اشتراک سے گورنر ہاؤس میں کرسمس کا کیک کاٹا جائے گا جس میں بشپ ابراہم ڈینیل، سید علمدار حسین شاہ،ممبران نیویارک چیمبر اور اوورسیز کے علاوہ مسیحی سرکردہ شخصیات بھی شرکت کریں گی۔ملاقات میں گورنر پنجاب کے صاحبزادے سردار فیضان سلیم بھی موجود تھے۔

گولڈ کا کاروبار کرنے والا تاجر اصغر لٹ گیا

کوٹ امین شاہ کے رہائشی محمد جاوید سے ڈاکوؤں نے 55 ہزار روپے لوٹ لیا

دیہاپلور(زاہد عمران۔نمائندہ قوت) دیہاپلور جھرہ شاہ مقیم دیہاپال پور روڈ شریں بتھنہ کے قریب گولڈ کا کاروبار کرنے والا تاجر اصغر لٹ گیا جھرہ شاہ مقیم: تین نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے شہری سے دو تولے سے زائد گولڈ ڈیڑھ لاکھ روپے نقدی رقم چھین لی جھرہ شاہ مقیم دوسری واردات میں کوٹ امین شاہ کے رہائشی محمد جاوید سے ڈاکوؤں نے 55 ہزار روپے لوٹ لیا جھرہ شاہ مقیم :لٹنے والے شہریوں کا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ اور آئی جی پنجاب سے واقعے کا نوٹس لینے کا مطالبہ جھرہ شاہ مقیم :ڈکیتی کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس موقع پر پہنچ گئی جھرہ شاہ مقیم :پولیس نے نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے ڈاکوؤں کی تلاش شروع کر دی۔

مصطفی آباد: چیرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب چوہدری الیاس خاں کی پریس کلب آمد



مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) چیرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب چوہدری الیاس خاں کی پریس کلب آمد، پریس کلب مصطفی آباد کی صحافی برادری نے مالا پہنا کر مبارکباد دی، پارٹی قیادت کا مشکور ہوں، ذمہ داری کو عبادت سمجھ کر ادا کروں گا، چوہدری الیاس خاں، تفصیلات کے مطابق نو منتخب چیرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب چوہدری محمد الیاس خاں کی پریس کلب مصطفی آباد آمد، اس موقع پر صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ محمد عمران سلفی و دیگر صحافی برادری نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے مالا پہنا کر چیرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب بننے پر مبارکباد پیش کی، اس موقع پر چوہدری اصغر علی، مہر علی مہران صدر مسلم لیگ ن حلقہ پی پی 176، عثمان میو و دیگر کارکنان بھی ان کے ہمراہ موجود تھے، نو منتخب چیرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب چوہدری محمد الیاس خاں نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے چیرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب بنا کر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس پر پورا اتروں گا، میری سیاست کا مقصد ہمیشہ عوام کی بے لوث خدمت رہی ہے، میں سیاست کو عبادت سمجھ کر ادا کرتا ہوں، بطور چیرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب عوام کی مشکلات کم کرنے اور انہیں صحت جیسے بنیادی سہولت کو ان کی دہلیز پر پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کروں گا، اس موقع پر چیئرمین سپریم کونسل ملک محمد اقبال، جنرل سیکرٹری سہیل قمر سندھو، سرپرست اعلی ڈاکٹر اصغر علی شہزاد، مہر عبدالقیوم چیئرمین یونین آف جرنلسٹ، رانا توقیر احمد چیئرمین الیکٹرونک میڈیا، زرار علی خاں، شاہد عمر، محمد طاہر میو، محمد جمیل سندھو، مہر مراد علی ایڈووکیٹ، ناصر سندھو، چوہدری اشتیاق، جمشید رشید میو، محمد جمیل رحمانی، ارشد علی جوئیہ، حاجی عبدالقادر، آصف امین، عمر شاہین، مہر صداقت علی و دیگر صحافیوں کی بڑی تعداد نے مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا،اس سوال کے جواب میں چوہدری محمد الیاس خاں نے کہا کہ حلقہ کے ترقیاتی کام میرٹ پر ہوں گے ، جبکہ مصطفی آباد ویگل روڈ، مصطفی آباد چھٹیانوالہ روڈ مصطفی آباد کی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گا، دفتو، ستو کی میر محمد، راجہ جنگ سڑک کے لئے آئندہ بجٹ میں 45 کروڑ روپے مختص کر دیا جائے گا کیپٹن فراز شہید کی نماز جنازہ کے موقع پر وزیر اعظم پاکستان سے رائے کلاں کا نام تبدیل کروایا اور کیپٹن فراز نگر کی رابطہ سڑکیں بھی منظور کروائی۔

گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال غلام محمد آباد میں مریضوں کو سنگین مشکلات کا سامنا

ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور ٹیسٹوں کی بڑھتی ہوئی فیسوں کو فوری طور پر کم کیا جائے

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) گورنمنٹ ٹیچنگ ہسپتال غلام محمد آباد میں غریب اور مستحق مریضوں کو شدید مسائل درپیش ہیں۔ہسپتال میں ادویات کی قلت کے باعث مریض مہنگے داموں ادویات خریدنے پر مجبور ہیں۔ساتھ ہی،ہسپتال کی جانب سے ٹیسٹوں کی فیسوں میں ہوشربا اضافے نے صورتحال کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔حیرت کی بات یہ ہے کہ مستحق مریضوں کے لیے بھی 80 فیصد فیس کی ادائیگی لازمی قرار دے دی گئی ہے۔خون کے ٹیسٹ، ایکسرے، اور دیگر تشخیصی سہولیات کی فیسیں اس قدر بڑھ چکی ہیں کہ عام آدمی کے لیے علاج کروانا ممکن نہیں رہا۔متاثرہ مریضوں نے شکایت کی ہے کہ یہ اضافہ ان کے لیے ناقابل برداشت ہے۔ان کا کہنا ہے کہ پہلے ہی ادویات کی کمی ایک بڑا مسئلہ ہے اور اب یہ نئی پالیسی ان کے لیے علاج معالجے کو مزید مشکل بنا رہی ہے۔عوام نے پنجاب حکومت، وزیراعلیٰ مریم نواز، اور وزیر صحت پنجاب سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ہسپتال میں ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے اور ٹیسٹوں کی بڑھتی ہوئی فیسوں کو فوری طور پر کم کیا جائے۔

25 دن میں تھانہ اگوکی کی حدود میں چوری ڈکیتی 50 وارداتیں

اگوکی کرائم ریٹ میں سیالکوٹ پولیس کا تھانہ نمبر 1 بن گیا

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے)سیالکوٹ کے تھانہ اگوکی کی حدود میں 25 دن میں 50 سے زائد چوری ڈکیتی کی وارداتوں کی وضاحت پر ایس ایچ او تھانہ اگوکی فہد بن فدا کا وردی کا غلط استعمال سینئر صحافی کو خبر نشر کرنے پر ٹوئٹس اور نازیبا الفاظوں کا استعمال تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ تھانہ اگوکی کے ایس ایچ او کی تعیناتی کے بعد چوری ڈکیتی راہزنی مشتبہ فروشی و دیگر جرائم کا سلسلہ تھم نا سکا گزشتہ 25 دن کی کارکردگی منظر عام پر آنے پر واضح ہوا کے بعد ازاں ایس ایچ او فہد بن فدا کی تعیناتی 50 سے زائد چوری ڈکیتی کی ایف آئی آر درج ہوئی تاہم دیگر معاملوں کا حساب انگنت جبکہ سارے معاملے ہی زیر تفتیش تک محدود ایس ایچ او کی نالائقی کی پول کھولنے والے صحافی کی خبر نشر کرنے پر صحافی کو لیگل نوٹس کے ساتھ نازیبا الفاظ اور وردی کے غلط استعمال ایس ایچ او تھانہ اگوکی کی اپنی ٹمع نقصانی پر صحافی برادری میں غم وغصہ کی لہر سینئر صحافی کے خلاف لیگل نوٹس پر صحافتی علمبردار تنظیم شاہین میڈیا اور پاکستان میڈیا کونسل کے درجنوں ممبران کی زیر صدارت ایس ایچ او اگوکی فہد بن فدا کے خلاف ایس پی انوسٹیگیشن سیالکوٹ عثمان سیفٹی کو درخواست دائر تاہم ایس پی انوسٹیگیشن عثمان سیفٹی کی سینئر جرنلسٹ کے خلاف غلط الفاظ استعمال کرنے کے خلاف میرٹ پر انکوائری کی یقین دہانی۔

یاسر اعجاز کے بھائی احسن اعجاز شادی کے بندھن میں بندھ گئے

دعوت ولیمہ میں ایم۔این۔اے۔سابقہ ایم پی اے۔ولالیاں پریس کلب کے عہدیداروں سمیت تاجر برادری کی شرکت



لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) سینئر نائب صدر انجمن تاجران لالیاں یاسر اعجاز کے بھائی احسن اعجاز شادی کے بندھن میں بندھ گئے۔دعوت ولیمہ میں ایم۔این۔اے۔سابقہ ایم پی اے۔ولالیاں پریس کلب کے عہدیداروں سمیت تاجر برادری کی شرکت تفصیلات کے مطابق انجمن تاجران تحصیل کے سینئر نائب صدر یاسر اعجاز کے چھوٹے بھائی احسن اعجاز رشتہ ازدواج سے منسلک ہو گئے۔انکا دعوت ولیمہ فیصل آباد کی مشہور مارکی کا ٹیج میں ہوا۔جسمیں ایم این اے مہر غلام محمد لالی۔سابقہ ایم پی اے مہر امتیاز احمد لالی۔لالیاں پریس کلب کے صدر رانا محمد اکرام اللہ۔سینئر نائب صدر رانا کاشف کلیم۔انجمن تاجران کے چیرمین شیخ فضل کریم۔صدر شیخ اشرف۔جنرل سیکرٹری شیخ فرحان علی سمیت تاجر برادری کے علاوہ سیاسی و سماجی لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر لوگوں نے یاسر اعجاز کو اور نئے دولہا کو مبارک باد پیش کی۔اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔دعوت ولیمہ میں مہمانوں کے لئے پر تکلف کھانے کا اہتمام کیا گیا۔

صحت مند زندگی کیلئے سیر اور ورزش ضروری ہے، ڈاکٹر نائلہ نوشین

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ماہر معالج فزیو تھراپسٹ نیشنل ہسپتال ڈاکٹر نائلہ نوشین نے کہا ہے کہ صحت مند زندگی گزارنے کیلئے صبح کی سیر اور ورزش کرنا بہت ضروری ہے جسم کے مختلف حصوں کو ورزش کے ذریعے متحرک رکھنے اور جدید میڈیکل مشینوں کی مدد سے جوڑوں کے درد ہاتھ پاؤں کے سن ہونے، فالج، کمر درد، مہروں کے مسائل سمیت پٹھوں کے درد کا علاج کیا جارہا ہے جس کے نتائج نہایت حوصلہ افزاء ہیں اور نوجوانوں سمیت معمر افراد بھی اس سے بھرپور استفادہ کر رہے ہیں، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر نائلہ نوشین نے کہا کہ ورزش کو معمول بنا کر جسم کو بیماریوں سے محفوظ رکھا جاسکتا ہے مختلف جسمانی بیماریوں کے کثیر خرچ علاج اور ادویات کے استعمال سے بچنے کیلئے ورزش کو روزانہ کا معمول بنایا جائے ادویات کا زیادہ استعمال انسانی گردوں کو بے حد متاثر کرتا ہے جس سے انسانی زندگی شدید خطرات کا شکار ہوتی ہے جن سے محفوظ رہنے کا کارگر ذریعہ ورزانہ کی ورزش ہے جس میں کوتاہی نہ برتی جائے۔

خاوند کا ساتھیوں سے ملکر بیوی پر تشدد، خاتون کی انگلی ٹوٹ گئی

دھامونکے کی خاتون راشدہ پر تشدد کرنیوالے ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) لڑائی جھگڑے کے دوختلف واقعات میں خاوند کا ساتھیوں کیساتھ ملکر بیوی اور تین ملزمان کا دوکاندار خاتون پر تشدد تھانہ صدر کے علاقہ دھامونکے کی خاتون راشدہ اپنے گھر میں موجود تھی کہ اسی دوران اس کا خاوند ناصر ہمراہ ملزمان ارشاد بی بی رفعت، لبنیٰ اور اقصیٰ آگئے اور آتے ہی خاتون کو تشدد کر کے زخمی کر دیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

مہنگائی نے عوام کا بھرکس نکال کر رکھ دیا، علامہ نور محمد سیال

غربت کی ماری عوام مہنگائی کے ہاتھوں پس رہی ہے، مولانا مفتی محمد احمد برکاتی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) مہنگائی نے عوام کا بھرکس نکال کر رکھ دیا ہے، طبقہ اشرافیہ کے چونچلے ختم نہیں ہو رہے جبکہ غربت کی ماری عوام مہنگائی کے ہاتھوں پس رہی ہے، وزیراعلیٰ پنجاب و وزیراعظم پاکستان سے بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف فوری ایکشن لینے کا مطالبہ۔تفصیلات کے مطابق جمعیت علماء پاکستان پنجاب کے صدر علامہ نور احمد سیال، سینئر نائب صدر مولانا مفتی محمد احمد برکاتی، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر جاوید اختر نورانی نے کہا ہے کہ مہنگائی کے موجودہ حالات میں بجلی بلوں اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ ہونے سے غریب اور متوسط طبقہ کو سخت پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔حکومت فوری طور پر غریب عوام کو ریلیف دینے کے لئے اقدامات کرے تاکہ لوگ آرام سکون سے زندگی بسر کر سکیں۔ان خیالات کا اظہار جے یو پی پنجاب کے راہنماؤں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر علامہ نور احمد سیال نے کہا کہ وفاقی و صوبائی حکومتیں عوام کے مسائل حل کرنے میں سنجیدگی کا مظاہرہ کریں۔مفتی محمد احمد برکاتی نے کہا ہے کہ مہنگائی سے چھٹکارا پانے کے لئے اشرافیہ اپنے اخراجات میں کمی کریں۔اس موقع پر ڈاکٹر جاوید اختر نورانی نے کہا کہ میاں شہباز شریف وزیر اعظم ہیں وہ اپنے اور اپنے وزرا کا سادگی اپنانے کا پابند کریں اور حکومتی اخراجات میں خاطر خواہ کمی کی جائے اور وہی رقم عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کی جائے تاکہ غریب عوام سکھ کا سانس لے سکے۔اس موقع پر ضلع اوکاڑا جمعیت علماء پاکستان کی مکمل باڈی و دیگر راہنما بھی موجود تھے۔

نثار سلہری امیدوار صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن نامزد

سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز کے حقوق کے پاسبان ثابت ہونگے۔چوہدری امتیاز علی وریاہ



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے انتخابات میں سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری امتیاز علی وریاہ آف ڈسکہ ریئل اسٹیٹ بلڈرز کا کہنا تھا کہ نثار سلہری معزز ڈیلرز کے حقوق کے پاسبان اور انشاء اللہ جیت کر اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ڈیلرز کے مفادات کا بہترین انداز میں ناصرف تحفظ کریں گے بلکہ بطور قابل لیڈر انکے ہمراہ ہر کڑے وقت میں ساتھ دینگے۔ہم تمام اسٹیک ہولڈرز نے بہت سوچ سمجھ کر بطور امیدوار صدر انتخابات میں دیگر کے مقابلہ میں انہیں بہتر چوائس قرار دیتے ہوئے چوہدری نثار سلہری کی بھرہور حمایت کا اعلان کیا ہے۔جس کیلئے انشاء اللہ اپنے حمایت امیدوار کی جلد الیکٹرانک پرنٹ وسوشل میڈیا کمپیئن بھی لانچ کر رہے ہیں۔پراپنے میڈیا بیان میں سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری امتیاز علی وریاہ آف ڈسکہ ریئل اسٹیٹ بلڈرز کا کہنا تھا کہ نثار سلہری معزز ڈیلرز کے حقوق کے پاسبان ثابت ہونگے۔چوہدری امتیاز علی وریاہ

ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ کے زیر اہتمام ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) دس دسمبر انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ کے زیر اہتمام ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ملک شہباز خان کھوکھر اور صدارت شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ نے کی جبکہ سٹیج سیکریٹری کے فرائض جنرل سیکریٹری ڈاکٹر خالد یاسین نے ادا کئے تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جس کی سعادت ارشد اور نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حاجی غلام رسول اور مہر محسن ہرل نے حاصل کی تقریب سے ڈاکٹر انوار مہدی، الطاف حسین ملک، راجہ ریاض احمد خان، پیرزادہ اقبال حسین، شورش علی آزاد، مہر قاسم اور ملک سردار علی نے انسانی حقوق کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

کالج روڈ کی تعمیر نو پر کام تیز کر کے اسے ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے،شاہد فاروق وڑائچ



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے)پسپ پروگرام کے تحت کالج روڈ کی تعمیر نو پر کام تیز کر کے اسے ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے اور جاری کام کے دوران روزانہ 3دفعہ پانی کا چھڑکاؤ بھی کیا جائے تاکہ عوام کو دھول مٹی سے بچایا جاسکے۔ یہ ہدایت ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ نے پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس میں کی۔اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔انہوں نے ملتان روڈ پر سیوریج پائپ بچھانے کے کام بھی تیز کرنے کی ہدایت کی تاکہ اسے جلد مکمل کر کے اولڈ جی ٹی روڈ کی کارپٹنگ کے کام شروع کیا جاسکے۔اجلاس میں بتایا گیا کہ کمپری ہنسو سکول چوک پر اسفالٹ بچھانے کا کام ڈیزائن فائنل ہونے کے بعد کی جائے گا۔ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ نے پی ایچ اے کو شہر کی گرین بیلٹس کی روزانہ کی بنیاد پر صفائی کرنے کی بھی ہدایت کی۔

خواتین کی بنائی گئی اشیاء کی دوروزہ نمائش جاری

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمیونٹی ڈویلپمنٹ کونسل ساہیوال کے زیر اہتمام خواتین کی بنائی گئی اشیاء کی دوروزہ نمائش جاری، ڈائریکٹر ساہیوال آرٹس کونسل ڈاکٹر سید ریاض ہمدانی نے نمائش کا افتتاح کیا۔کونسل کے سرپرست چوہدری آصف نواز نے بتایا کہ کونسل کے زیر اہتمام غلہ منڈی میں خواتین کو مختلف ہنر سکھانے کے ادارے میں اب تک 19 ہزار سے زائد بچیوں کو عملی تربیت فراہم کی گئی ہے جس سے انہیں خود روزگار کے مواقع ملے ہیں۔

فنانس سیکرٹری چنیوٹ پریس کلب کی سالگرہ کی شاندار تقریب

تقریب میں چیئرمین چنیوٹ پریس کلب لطیف احمد چوہدری صدر عمر سجاد چیئرمین پرنٹ میڈیا کی شرکت



چنیوٹ (رانا کاشف کلیم سے) سینئر صحافی فنانس سیکرٹری چنیوٹ پریس کلب کی سالگرہ کی شاندار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔تقریب میں چیئرمین چنیوٹ پریس کلب لطیف احمد چوہدری صدر عمر سجاد چیئرمین پرنٹ میڈیا پیرزادہ اقبال حسین سینئر صحافی شیخ جہانگیر چنیوٹی عبیداللہ چوہدری منور دین چوہدری احسان الٰہی حسرت فیصل جہار میاں انس حسین اور نگویب خاکی سفیر مومن ابوبکر چنیوٹی عبدالرحمن سلیمی وسیم درانی مہر جاوید اقبال ہرل رحمان صدیقی محمد محسن علی و دیگر صحافیوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی اس موقع پر سینئر صحافیوں نے فنانس سیکرٹری چنیوٹ پریس کلب میاں منور حسین کو درازی عمر کی دعائی سالگرہ کی مبارکباد دی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

وارڈن پولیس کی بغیر ریفلیکٹر لائٹ وپٹی گنے والی ٹرالیوں کے خلاف کاروائیاں

ڈرائیور حضرات گنے والی ٹرالیوں کے پچھلے حصے پر ریفلیکٹر لائٹ یا چمکیلی پٹی ضرور لگوائیں،شاہد گجر



سمندری (نمائندہ خصوصی) وارڈن پولیس کی بغیر ریفلیکٹر لائٹ وپٹی گنے والی ٹرالیوں کے خلاف کاروائیاں چالان اور موقع پر جرمانے کیے گئے۔تفصیلات کے مطابق سی ٹی او فیصل آباد کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے وارڈن پولیس سمندری کا گنے والی ٹرالیوں کے پیچھے ریفلیکٹر لائٹ کے حوالے سے رات گئے آپریشن، بغیر چمکیلی ریفلیکٹر لائٹ کے گنے والی ٹرالیوں کے چالان اور موقع پر جرمانے کیے گئے۔انچارج وارڈن پولیس سمندری شاہد افتخار گجر کا کہنا تھا کہ رات کی تاریکی میں گنے والی ٹرالیوں کو ڈرائیو کرنے والے ڈرائیور حضرات روڈ سیفٹی کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی ٹرالیوں کے پچھلے حصے پر ریفلیکٹر لائٹ یا چمکیلی پٹی ضرور لگوائیں تاکہ دھند اور اندھیرے میں پیچھے سے آنے والی گاڑیوں کو گنے والی ٹرالیوں کے حوالے سے اشارہ مل سکے اور ریفلیکٹر لائٹ یا پٹی نہ لگائے جانے کی صورت میں رونما ہونے والے حادثات سے ہونے والے جانی نقصان سے بچا جاسکے۔

ایجوکیٹر سکول ایان کیمپس چنیوٹ میں آگاہی سیمینار کا انعقاد

اسسٹنٹ ماسٹر ٹرینرز پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ اور سکول کے طلبا نے سیمینار میں شرکت کی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی کے جاری کردہ احکامات کے مطابق اور ایڈیشنل ڈائریکٹر آپریشن پنجاب فوڈ اتھارٹی طارق محمود گل اور ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی زیر سرپرستی ایجوکیٹر سکول ایان کیمپس چنیوٹ میں آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا، ماہر غذائیت نیوٹریشن ونگ پنجاب فوڈ اتھارٹی فیصل آباد، اسسٹنٹ ماسٹر ٹرینر پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ اور سکول کے طلبا نے سیمینار میں شرکت کی۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے سیمینار کے انعقاد کا مقصد بڑھتی ہوئی عمر کے بچوں اور بالخصوص سکول جانے والے طلبا کی صحت اور متوازن غذائی دستیابی کو یقینی بنانا ہے، مقررین کا کہنا تھا صبح کے ناشتے کا بچوں کی ذہنی صلاحیتوں پر بہت اہم کردار ہوتا ہے، سیمنار سے خطاب کرتے ہوئے مقررین کا کہنا تھا کہ پاکستان میں 40 فیصد بچے خوراک کی کمی اور 58 فیصد نوجوان موٹاپا کا شکار ہیں۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے آگاہی سیمینار کا مقصد بازاری اشیا خریدتے ہوئے لیبل اور ایکسپائری تاریخ پڑھنے کی عادت کو یقینی بنانا ہے اور بازاری کھانوں سے پرہیز کرتے ہوئے گھر کے تیار کردہ تازہ اور صحت بخش خوراک پر توجہ دیں۔تاکہ ان کی ذہنی اور جسمانی نشوونما بہتر ہو سکے۔سیمینار کے دوران طلبا نے بھرپور طریقے سے اہم اور آگاہی معلومات کو سنا اور مختلف سوالات کے ذریعے اپنے علم میں اضافہ کیا۔

تجاوزات کے خاتمے کیلئے آئے عملہ کو سنگین نتائج کی دھمکیاں

پولیس تھانہ موترہ نے 14 ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کر لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تجاوزات کے خاتمہ کیلئے آئے عملہ کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر 14 ملزمان کیخلاف مقدمہ درج انفورسمنٹ انسپکٹر نے گزشتہ روز اپنی ٹیم کے ہمراہ تھانہ موترہ کے علاقہ کھوکھیکی میں چھاپہ مارا تو ملزمان عظمت، شاہد، سلطان، علی اور دس نامعلوم نے تجاوزات کر رکھی تھی جس کو ختم کروانے کی کوشش کی تو ملزمان نے عملہ کیساتھ بدتمیزی کرتے ہوئے سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے زدوکوب کرنا شروع کر دیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

پہلی سول نافرمانی کی کال کی طرح دوسری کال بھی ناکام ہوگی، حاجی کالونی فیروز پوریا

26 نومبر کی آخری کال نے پی ٹی آئی کے جنون کو انا للہ وانا الیہ راجعون تک پہنچا دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر راہنما حاجی کالونی فیروز پوریا نے کہا ہے کہ 26 نومبر کی آخری کال نے پی ٹی آئی کے جنون کو انا للہ وانا الیہ راجعون تک پہنچا دیا، بانی پی ٹی آئی کی پہلی سول نافرمانی کی کال کی طرح دوسری کال بھی ناکام ہو گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں گفتگو کرتے ہوئے کیا حاجی کالونی فیروز پوریا نے کہا کہ انتشار پارٹی کی پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سیاست نے عوامی شعور بیدار کر دیا ہے، ہر آنے والا الیکشن پی ٹی آئی سے نفرت میں اضافہ کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈوآر ڈائی کا نعرہ لے کر اسلام آباد پر چڑھائی کرنے والوں کی حالت قابل ترس ہے، پہلے گنڈا پور بھاگتا ہاب بشری بی بی بھاگ گئی۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی انتشار کا شکار ہے اور اس کا شیرازہ بکھر رہا ہے، بانی پی ٹی آئی کے آخری کارڈ والی بلی بھی تھیلے سے باہر نہیں آئے گی۔انہوں نے کہا کہ ملک دشمن عناصر بانی پی ٹی آئی کی حمایت میں اکٹھے ہو چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اوورسیز پہلے پاکستانی اور بعد میں سیاسی ورکر ہیں، وہ پاکستان کے خلاف نہیں جاسکتے۔انہوں نے کہا کہ گنڈا پور، گنڈا پور ہی ہے وہ اتنا ہی کھیلتا ہے جتنی اسے اجازت دی جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہماری حکومت کی 8 ماہ کی کارکردگی نے عوامی رجحان تبدیل کر دیا ہے۔

اوکاڑہ میں محکمہ سوئی گیس کی من مرضیاں عروج پر

متعلقہ ادارے، اعلیٰ افسران، وزیر توانائی اور وزیراعظم پاکستان نوٹس لیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ شہر اور گردونواح میں محکمہ سوئی گیس کی من مرضیاں عروج پر پہنچ گئیں راؤ کاشف نامی ایک پرائیویٹ اہلکار اوکاڑہ شہر میں گیس کھولنے پر مامور ہے اس سیٹ پر اس کا بھائی راؤ عاطف براجمان ہے، جو سرکاری ملازم ہے گورنمنٹ کی طرف سے شہر کے جنوبی علاقے میں ٹیڈیول تو دیا ہوا ہے مگر پریشر اتنا کم دیا جاتا ہے کہ گیس صرف آدھا گھنٹہ چل کر بند ہو جاتی ہے عوام الناس کا کہنا ہے کہ جب گیس کی فراہمی نہیں دی جار

''قوت'' کا اسپیشل ایڈیشن



تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ	بقیہ جات	1

کال دی گئی، یہ چارج شیٹ فیض حمید اور بانی پی ٹی آئی کے گٹھ جوڑ پر ہے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کو تباہ کیا گیا، ڈیفالٹ کے دہانے پر لایا گیا، آرمی چیف کی تعیناتی روکنے کیلئے لانگ مارچ بھی سازش کا حصہ تھا، اب اداروں کے اندر سے ان کو سپورٹ نہیں مل رہی، اب اس معاملے کو انجام تک پہنچنا چاہیے۔ رہنما مسلم لیگ (ن) نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اقتدار میں نہ پہنچتے اگر فیض حمید عہدے پر نہ ہوتے، بشریٰ بی بی کا کنٹرول ان ہی موصوف کے باعث تھا، الیکشن اور اس کے بعد کے ایونٹس 26 نومبر کا احتجاج اور 14 دسمبر کی کال اس ٹرائل کے ساتھ جڑی ہوئی ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	9

خاتمہ کبھی بھی ہمارے معاشرے کی ترجیح نہیں رہی، آج تک کوئی نہیں بتا سکتا کہ ملک میں ریپ کے کتنے واقعات ہوئے ہیں، جسٹس عائشہ ملک نے کہا کہ جنسی زیادتی کے کیسز کا کوئی ڈیٹا ہی موجود نہیں، یہ کہنا درست نہیں کہ ملک میں قوانین موجود نہیں ہیں، زیادتی کے کیسز کیلئے خصوصی عدالتیں بھی قائم کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے جنسی یا گھریلو تشدد کا شکار خواتین کو ہی نشانہ بنایا جاتا ہے، فیصلہ سازی میں خواتین کا کردار نہ ہونے سے صنفی تشدد بھی خلاف کوئی بیانیہ ہی موجود نہیں۔ جسٹس عائشہ ملک نے کہا کہ مائنڈ سیٹ کو تبدیل کرنے میں وقت لگے گا، خواتین کو بااختیار بنانے کا مطلب مغربی کلچر کا فروغ ہرگز نہیں، خواتین کو احترام اور بنیادی حقوق کی فراہمی ہی انہیں بااختیار بناتی ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	10

کا شناختی کارڈ نہیں دیا، ان کے رہنماؤں کے بیانات میں تضادات ہیں۔ قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 26 نومبر کو گزرے دو ہفتے ہو چکے ہیں، ابھی تک یہ نہیں پتا لگا کہ کتنے بندوں کی ہلاکت ہوئی؟ پاکستان تحریک انصاف ابھی تک عوام کو یہ نہیں بتا سکی کہ کتنے افراد ہلاک ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ لطیف کھوسہ نے 278 افراد کا دعویٰ کیا تھا، ایوان میں بیٹھے لوگ مختلف تعداد بتاتے رہے ہیں، جن 12 افراد کا ذکر کیا ابھی تک ان کے شناختی کارڈ، قبریں، ورثا کوئی سامنے نہیں آیا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ بغیر ثبوت کے اس طرح کی ہوائی باتیں کرنا قوم کے اجتماعی شعور کی توہین ہے، پی ٹی آئی کے اندر اس وقت شدید اختلافات ہیں، ہر بندہ علیحدہ علیحدہ بیانات دے رہا ہے، عمر ایوب کی تقریر سے میں نے اخذ کیا ہے کہ جب یہ براستہ موٹل بھاگے ہیں تو بشریٰ بی بی ان کے ساتھ تھی، وہ ان ریکارڈ کہہ رہی ہیں کہ مجھے چھوڑ کر سارے لوگ بھاگ گئے۔

بقیہ	بقیہ جات	11

ہفتہ وار مہنگائی کی شرح کم ہو کر 3.5 فیصد پر آ گئی ہے۔ وزیراعظم نے سول نافرمانی کی کال کو ملک دشمنی قرار دیتے ہوئے کہا کہ سول نافرمانی سے بڑی ملک دشمنی کوئی نہیں ہو سکتی، اسلام آباد پر چڑھائی کر کے ملک کے خلاف سازش کی گئی تھی، حکومت کو ہدایت کر دی ہے کہ اس سازش کے ذمہ داروں کو ثبوتوں کے ساتھ کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور کسی بے قصور کو ہاتھ نہ لگایا جائے۔

بقیہ	بقیہ جات	12

کی دوراندیش قیادت کو سراہا۔ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ چینی لیڈر شپ نے چین کو عالمی طاقت کے طور پر ابھرنے میں رہنمائی فراہم کی، پاک چین تعلقات کے فروغ میں کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک چین کمیونٹی کی تشکیل میں عوامی سطح پر بڑھتے ہوئے رابطے اہم کردار ادا کر رہے ہیں، پاک چین دوستی علاقائی اور بین الاقوامی سیاست کے نشیب وفراز سے متاثر نہ ہونے والا پائیدار تعلق ہے، دوطرفہ سٹریٹجک پارٹنر شپ ہر موسم کے گرم وسرد سے بالا تر ہے۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ لوکل گورنس اور دیہی ترقی کیلئے چین کے تجربات سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں، یوتھ ایمپاورمنٹ اور استعداد میں اضافے کیلئے چین کے تعاون کو سراہیں گے، ووکیشنل ٹریننگ پروگرام کے سلسلے میں چین سے بھرپور تعاون چاہتے ہیں، بڑھتے ہوئے عوامی روابط اور ثقافتی تعلقات شاہراہ ریشم کا ورثہ اور میراث ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ چین اور پنجاب کے ثقافتی روابط کیلئے پائیدار اقدامات کریں گے، پاک چین تعلقات کی میراث کو پروان چڑھانے کیلئے نوجوان نسل پر توجہ دینا ہوگی۔

بقیہ	بقیہ جات	13

گرفتاری پر ساعت کی، اس موقع پر عمر ایوب اپنے وکیل سردار مصروف کے ہمراہ عدالت پیش ہوئے۔ عدالت نے تھانہ کوہسار کے مقدمے میں عمر ایوب کی عبوری ضمانت منظور کر لی اور نوٹس جاری کرتے ہوئے کیس کی سماعت 16 دسمبر تک ملتوی کر دی۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر پولیس کو ریکارڈ سمیت طلب کر لیا۔

بقیہ	بقیہ جات	14

سمیت دیگر ملزمان پر 28 جون 2023 کو چکریاں کے رہائشی یاسر اور محمد یوسف کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کا الزام تھا۔ پولیس کے مطابق اسی کیس میں نامزد ملزم محمد اختر دوران ٹرائل جیل میں وفات پا گیا تھا، چودھری مونس الٰہی کو ایف آئی آر کے ملزمان کے انکشاف کے بعد اس کیس میں نامزد کیا گیا تھا، سابق وفاقی وزیر کو دفعہ 109 کے تحت ایماء مشورہ کا ملزم نامزد کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ تھانہ منگووال میں دہرے قتل کا مقدمہ 29 جون 2023 کو درج ہوا تھا، مقدمہ میں چودھری مونس الٰہی کو اشتہاری قرار دینے کا فیصلہ 19 صفحات پر مشتمل ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	15

واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

بقیہ	بقیہ جات	16

درخواست کی، شام میں 600 پاکستانی اس وقت موجود ہیں، شام کے تمام ایئرپورٹس بند ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانیوں کا شام سے انخلا لبنان کے راستے ہی ممکن ہے، لبنانی وزیراعظم نے یقین دہانی کرائی کہ شام سے تمام پاکستانیوں کے انخلا کیلئے ہر ممکن تعاون کریں گے، 600 ہوں یا زیادہ سب پاکستانیوں کو ویزے دیں گے۔

بقیہ	بقیہ جات	17

کا بندوبست کیا جائے گا۔ وفاقی کابینہ کے اجلاس کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی جانب سے سول نافرمانی کی تحریک کو خیبر پختونخوا کی کابینہ کے ارکان کی جانب سے مسترد کر دیا گیا، یہ پہلی بار ہوا ہے کہ کسی نے سیاسی مفاد سے زیادہ ترجیح قومی مفاد کو دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو آن لائن ہراساں اور ٹارگٹ کرنے کی مہم ناقابل برداشت ہے، صحافیوں کے خاندانوں تک رسائی حاصل کر کے انہیں دھمکانے کی بات کی جا رہی ہے، ہم نے پالیسی فیصلہ کر لیا ہے ایسے لوگوں کو کوئی رعایت نہیں دی جائے گی۔ عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی نے فوجی کمپنیوں کی مصنوعات کے بائیکاٹ کی اپیل تو کر دی لیکن انہوں نے کبھی اسرائیلی کمپنیوں کے بائیکاٹ کی بات نہیں کی، یہ لوگ فلسطین کے حق میں ہونے والی اے پی سی میں بھی شریک نہیں ہوئے تھے۔

بقیہ	بقیہ جات	18

ہے، شام سے اپنے شہریوں کی محفوظ واپسی کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ اپنے بیان میں شیری رحمن نے کہا کہ اسرائیل کی جانب سے شام میں سیاسی خلا کا فائدہ اٹھا کر گولان اور دیگر علاقوں میں پیش قدمی کی مذمت کرتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں جنگ کی شدت بڑھ رہی ہے، جو پورے خطے کو عدم استحکام کا شکار کر سکتی ہے۔ شیری رحمن نے کہا کہ شام سے اپنے شہریوں کی محفوظ واپسی کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ نائب صدر مینیجر پارٹی نے کہا کہ اسرائیل کی جانب سے اقوام متحدہ کی ریلیف ایجنسی کے مینڈیٹ کو ختم کرنے کی قانون ساز کی مذمت کرتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اقوام اقوام متحدہ کی ریلیف ایجنسی مغربی کنارے غزہ، اردن وشام میں صحت، تعلیم کے حوالے سے امدادی کارروائیاں کرتی ہیں۔

بقیہ	بقیہ جات	19

تھیں لڑکیوں کے والد نے کہا کہ میری بیٹیاں پہلے 2017ء میں اغواء ہوئی تھیں اور 2019ء میں بازیاب ہوئی تھیں، واقعے کا مقدمہ بھی درج کرایا تھا، لیکن ایک بار پھر 2019ء میں میری بیٹیوں کو اغواء کیا گیا، تب سے اب تک میری بیٹیوں کا کچھ پتہ نہیں چل رہا۔ درخواست گزار علی گل نے کہا کہ ایک بیٹی کا تو والد کا نام بھی تبدیل کر دیا گیا، اس بیٹی کو پنجاب کی ایک عدالت میں پیش کر کے نکاح کا بتایا گیا، نہ میری اس بیٹی کا بیان دکھایا جا رہا ہے نہ ہی اس کی شکل۔ لڑکیوں کے والد نے کہا کہ اگر اس نے شادی بھی کر لی تو میں خوش ہوں لیکن بیٹی دکھا تو دیں، مقدمے میں نامزد ملزمان کو تاحال پولیس گرفتار نہیں کر رہی۔ سندھ ہائی کورٹ نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے درخواست کی سماعت 16 دسمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ	بقیہ جات	20

کے وارنٹ گرفتاری معطل کر دیے اور اینٹی کرپشن کو عاطف خان کی گرفتاری سے روک دیا۔ واضح رہے کہ عدالت نے مالم جبہ اور فضل گارڈن کیس میں عاطف خان کے وارنٹ گرفتاری کالعدم قرار دیے تھے۔ عدالت نے عاطف خان کو کال آف نوٹس اور وارنٹ گرفتاری جاری کیا تھا۔

بقیہ	بقیہ جات	21

کا عالمی اعلامیہ مذہبی اور معاشرتی حقوق کا عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا آئین بھی تمام شہریوں کو بنیادی حقوق کی ضمانت دیتا ہے جمہوریت، امن، آزادی اور انسانی حقوق ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ شازیہ مری نے کہا کہ مستحکم اور خوشحال پاکستان کیلئے عوام کے حقوق کا تحفظ ضروری ہے، 1973ء کے آئین میں شہید بھٹو کے دیئے گئے آئینی حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں۔ شازیہ مری نے کہا کہ اپنے دور اقتدار میں شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے انسانی حقوق کے تحفظ کیلئے پاکستان میں انقلابی اقدام اٹھائے۔

بقیہ	بقیہ جات	22

کارکنان غائب ہیں۔ شیر علی ارباب کا کہنا ہے کہ پشتونوں کے ساتھ ایسا رویہ برداشت نہیں کریں گے۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا کہ گولی حکومت نے چلائی یا کسی اور نے، سوال ہم پوچھیں گے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ کارکنوں نے کہاں پر توڑ پھوڑ کی ہے، ہمیں دکھائیں۔ دوسری جانب پی ٹی آئی کی رکن قومی اسمبلی شاندانہ گلزار نے کہا ہے کہ آپ نے ہمیں اپنے وطن میں دربدر کیا ہے، ہم مسلسل عدالتوں کے چکر کاٹ رہے ہیں۔ شاندانہ گلزار کا کہنا ہے کہ اس وقت ملک میں کوئی آئین وقانون نظر نہیں آ رہا، ملک میں مکمل بدمعاشی چل رہی ہے، آپ انسانی بنیاد پر گرفتاری کروانے میں ناکام ہوں گے۔

بقیہ	بقیہ جات	23

کردار کو ختم کرنے کیلئے ڈومیسائل دستاویز میں ترامیم کی، پہلے فیز میں یہ ترامیم صرف تحصیل سٹی کے درخواست دہندگان پر نافذ ہوں گی، پی فارم، نوٹری پبلک ٹکٹ کی شرائط کو ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی فائل جمع کروانے کیلئے ختم کر دیا گیا۔ درخواست دہندگان کو خدمت مرکز کے سسٹم سے ہی پی فارم جاری کر دیا جائے گا، بیان حلفی لف کرنے کی شرط ختم، ای خدمت مرکز سے ہی جاری شدہ فارم پر بیان حلفی لیا جائیگا، فائل جمع کرواتے وقت تصاویر لف کرنے کی شرط کو ختم کر دیا گیا۔ ای خدمت مرکز میں پراسس کے وقت لی جانیوالی تصویر ہی ریکارڈ کیلئے استعمال کی جائے گی، شناختی کارڈ پر دوہرا پتہ رکھنے والے درخواست گزار کیلئے این او سی لف کرنے کی شرط کو بھی ختم کر دیا گیا۔ پنجاب کی حدود سے باہر شناختی کارڈ پر دوہرا پتہ ہونے پر اپنے متعلقہ ضلع کا این او سی لف کرنا لازم ہوگا، ڈی سی سید موسیٰ رضا کا کہنا تھا کہ عوام الناس کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے کی کاوشیں جاری ہیں۔

بقیہ	بقیہ جات	24

جائے گی، 17 سے 18 دسمبر تک درخواستوں پر اعتراضات سنے جائیں گے جبکہ 19 دسمبر کو اساتذہ کے تبادلوں کے آڈر جاری کیے جائیں گے۔

بقیہ	بقیہ جات	25

جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بنچ نے عمران خان کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے مؤقف اپنایا کہ یہ درخواست عوامی اہمیت کی نہیں ہے، وفاق کی جانب سے اس نقطہ پر دلائل دیئے جائیں گے۔ عدالت نے 9 مئی واقعہ کی جوڈیشل انکوائری کیلئے بانی پی ٹی آئی عمران کی درخواست پر رجسٹرار آفس کے اعتراضات ختم کرتے ہوئے درخواست کو نمبر لگا کر سماعت کیلئے مقرر کرنے کا حکم دے دیا۔ بعد ازاں 9 مئی کی جوڈیشل تحقیقات کیلئے عمران خان کی درخواست باضابطہ سماعت کے لئے منظور کر لی گئی، بانی پی ٹی آئی کی جانب سے حامد خان عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ وکیل درخواست گزار نے مؤقف اپنایا کہ ڈیڑھ سال ہو چکا ہے پتہ تو کریں کہ 9 مئی کو ہوا کیا تھا، ملک میں غیر اعلانیہ مارشل لاء لگا ہوا ہے، احتجاج کرنے پر فوج طلب کر لی جاتی ہے۔ جسٹس مسرت ہلالی نے ریمارکس میں کہا کہ مارشل لاء میں وہ خود آتے ہیں طلب نہیں کیے جاتے، جسٹس علی مظہر نے کہا کہ فوج تو آرٹیکل 245 کے تحت طلب ہوتی ہے، اگر آپ اسے مارشل لاء کہتے ہیں تو پھر آرٹیکل 245 کو بھی چیلنج کریں۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیئے کہ آپ مارشل لاء کہہ کر سوپنگ سٹیٹمنٹ دے رہے ہیں۔

بقیہ	بقیہ جات	26

کا نوٹیفکیشن ویب سائٹ سے بھی ہٹا دیا۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے بیچ ریٹرز 2006 میں مجوزہ ترمیم فی الحال واپس لینے کا فیصلہ لے لیا، چیئرمین ایف بی آر نے ریٹرز میں مجوزہ ترمیم واپس لے کر مشاورت کے بعد دوبارہ پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق چیئرمین ایف بی آر نے ایک سے زائد موبائل فون لانے پر پابندی سے بھی روک دیا، ایف بی آر نے نیشنل سسٹم میں ترمیم سے متعلق مسودہ گزشتہ روز ہی جاری کیا تھا۔ مسودے میں بیرون ملک سے ذاتی استعمال کیلئے ایک موبائل فون لانے کی اجازت کی تجویز تھی، 1200 ڈالر سے زائد مالیت کی اشیاء کمرشل تجارت تصور کرنے کی تجویز شامل تھی۔ ایک موبائل فون کے سوا تمام موبائل فون ضبط کرنے کی ترمیم بھی مسودے کا حصہ تھی، اضافی اشیا ڈیوٹی، ٹیکس یا جرمانہ ادا کر کے بھی کلیئر نہ کرنے کی تجویز دی گئی تھی۔

بقیہ	بقیہ جات	27

ڈی ایچ ای طاہر فاروق نے صوبائی وزیر کو تحکمانہ امور بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے بتایا کہ گزشتہ دو ماہ میں 7500 سے زائد غیر قانونی کمرشل سرگرمیوں کو ڈکیٹیشن میپنگ میں شامل کیا گیا ہے۔ رواں مالی سال میں 20 ہزار سے زائد املاک کو ڈکیٹیشن میپنگ میں شامل کیا جائے گا۔ حال ہی میں کمرشل کی گئی 8 شاہراہوں کی تمام املاک سے کمرشلائزیشن فیس کا حصول یقینی بنایا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر نے غیر قانونی کمرشل سرگرمیوں کی روک تھام کیلئے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا۔ وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت کی 58 کمرشل شاہراہوں پر کسی صورت غیر قانونی کمرشل سرگرمیاں نہیں ہونی چاہئیں۔ ایل ڈی اے سے منظور شدہ کمرشل املاک کو ایک منظم طریقہ کار کے تحت سرٹیفکیشن جاری کی جائے۔ صوبائی وزیر بلال یاسین نے ایل ڈی اے میں میپنگ ٹولس سسٹم کو ختم کر کے ڈیجیٹل ٹولسز کا اجراء کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ	بقیہ جات	28

یونٹس چھوٹے ہونے چاہئیں۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سے چینی پارلیمنٹیرینز فورم کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی، اس موقع پر علی امین گنڈاپور نے صوبوں اور دیگر انتظامی یونٹس کے حجم کے بڑے ہونے کو مسئلہ قرار دیدیا۔ چینی پارلیمنٹیرینز فورم کے وفد میں مختلف سیاسی جماعتوں اور صوبوں سے تعلق رکھنے والے چینی پارلیمنٹیرینز شامل تھے۔ ملاقات میں ملکی سیاسی صورتحال اور قومی مفاد کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، ملک میں امن، ترقی اور بہتر سیاسی ماحول کیلئے مل جل کر کام کرنے پر اتفاق ہوا۔ وفد سے گفتگو میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ملک میں صوبوں اور دیگر انتظامی یونٹس کے حجم کا بڑا ہونا ایک مسئلہ ہے، انتظامی معاملات کو بہتر اور موثر انداز میں چلانے کیلئے صوبے اور انتظامی یونٹس چھوٹے ہونے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے اور انتظامی یونٹس چھوٹے ہونے سے نچلی سطح پر سروس ڈیلیوری میں خاطر خواہ بہتری آئیگی اور 90 فیصد انتظامی مسائل حل مقامی سطح پر حل ہوں گے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں 800 میگاواٹ پن بجلی منصوبوں پر کام جاری ہے، پن بجلی کے استعمال کے موثر استعمال کیلئے صوبائی حکومت اپنی ٹرانسمیشن لائن بچھا رہی ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	29

میں ہیں جبکہ ملک میں 18 ہزار سے زیادہ مدارس وزارت تعلیم کے ساتھ رجسٹر ہو چکے ہیں۔ علامہ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ مدارس کی رجسٹریشن وزارت تعلیم سے وزارت صنعت کے تحت منتقل کرنے کی کوشش مسترد کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مدارس کی رجسٹریشن وزارت صنعت کے تحت کرنا ملکی قانون اور وحدت کے خلاف ہے، مدارس کی آزادی اور نصاب کے معاملے پر کسی قسم کی مداخلت قبول نہیں۔ علامہ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمن الگ قانون سازی کرانا چاہتے ہیں تو حکومت جانے اور وہ جانے۔ چیئرمین پاکستان علماء کونسل نے کہا کہ ہم تخلیاں نہیں چاہتے، معاملہ افہام وتفہیم سے حل ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 10 مدارس بورڈز کا فیصلہ ہے کہ وہ وزارت تعلیم کے ساتھ رجسٹریشن بھیج دیں گے۔

بقیہ	بقیہ جات	30

میں آئی جی پنجاب نے کیس کی سماعت کی اور پوچھا کہ کیا حکومت اس درخواست کو چلانا چاہتی ہے؟۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ حکومت سنجیدگی سے درخواست پر سماعت چاہتی ہے، بانی پی ٹی آئی نے 25 مئی کو لانگ مارچ کیا اور عدالتی حکم کی خلاف ورزی کی۔ جسٹس امین الدین نے کہا کہ اگر عدالت نے نوٹس کیا تو بانی پی ٹی آئی کو کمرہ عدالت میں پیش بھی کرنا پڑے گا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ توہین کا معاملہ عدالت اور توہین کرنے والے کے درمیان ہوتا ہے، کیوں جذباتی ہو رہے ہیں؟ عدالت آپ کو راستہ دکھا رہی ہے۔ عدالت میں وکیل سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی جانب سے جواب جمع کرا دیا ہے، عدالت کا زبانی حکم ان تک نہیں پہنچ سکا تھا، موبائل سروس کی بندش کے باعث وکلا کا رابطہ نہیں ہو سکا تھا۔ جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ کیا بانی پی ٹی آئی کو نوٹس ہوا ہے؟ اس پر سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ نوٹس موصول ہونے پر ہی جواب جمع کرایا ہے۔ بعدازاں آئینی بنچ نے کیس کی سماعت غیر معینہ مدت تک کے لیے ملتوی کر دی۔

بقیہ	بقیہ جات	31

انسانی حقوق کے فریم ورک کے تحت اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لئے پرعزم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسانی حقوق کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان انسانی حقوق کے عالمی منشور (یو ڈی ایچ آر) کو اپنانے کی 76 ویں سالگرہ کے موقع پر آج انسانی حقوق کا عالمی دن منانے میں عالمی برادری کے ساتھ شامل ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ یہ دن بین الاقوامی برادری کے انسانی وقار کے احترام اور اسے برقرار رکھنے اور بغیر کسی امتیاز کے انسانی حقوق کے ایجنڈے کو فروغ دینے کے مشترکہ عزم کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق کے دن کے لئے اس سال کا تھیم، ''ہمارے حقوق، ہمارا مستقبل ابھی'' مقبوضہ فلسطینی علاقوں سے لے کر بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر تک دنیا بھر کے لاکھوں لوگوں کے لئے متعلقہ ہے جو حق خودارادیت کے لئے اپنی منصفانہ جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں اور وہ قبضے اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں اسلاموفوبیا میں خطرناک حد تک اضافہ امتیازی قوانین، پالیسٹ سیاست اور زینوفوبک بیانیہ کی وجہ سے ہوا ہے جو بین الاقوامی برادری کے لئے بھی ایک چیلنج ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	32

نے سنبھالا ہے ایک سال کے دوران قومی بچت کی مختلف اسکیموں پر کئی مرتبہ پرافٹ کم ہو چکا ہے جبکہ اسحاق ڈار کے دور میں سال کے دوران ایک دو مرتبہ کم ہوتا تو اس دوران پرافٹ میں اضافہ بھی کر دیا جاتا تھا۔ قومی بچت کے ایک صارف امتیاز عاصمی کے مطابق اسلامک سروائیسم میں ایک سال کے دوران پانچ مرتبہ منافع کم کیا جا چکا ہے، عوام سے پیسے لینے کے لئے اسلامک سروائیسم کے آغاز میں منافع کی شرح 20 فیصد رکھی گئی جب اب کم کر کے 10 فیصد کر دی گئی ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	33

۔اپنے ایک بیان میں شگفتہ بخاری کا کہنا تھا کہ مریم نواز دورہ چین کے دوران تاریخی معاہدے کر رہی ہیں، مریم نواز نے کینسر کے جدید ترین علاج کا معاہدہ کیا ہے، پنجاب میں زراعت کے شعبے میں جدت لانے کیلئے بھی معاہدہ ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز اللہ کی مدد سے صوبے کی قسمت بدل رہی ہیں، مخالفین احتجاج، جلسے اور دھرنوں کی سیاست سے باہر نہیں نکل رہے، ایک صوبے میں جس جماعت کی 11 سال سے حکومت ہے وہاں صرف مولا جٹ کی سیریل چل رہی ہے، سول نافرمانی کی تحریک چلانے والے کو پہلے بھی منہ کی کھانی پڑی تھی۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ جب بھی ملک ٹریک پر آتا کوئی فتنہ خنہ ڈالنے نکل پڑتا ہے، پاکستان اب کسی فتنے کا متحمل نہیں، قوم کی مدد سے ہر فتنے کو کچل دیا جائے گا، جنہوں نے انقلاب لانا تھا وہ اب آپس میں تھنگ تھنگا ہو رہے ہیں۔ شگفتہ بخاری نے مزید کہا کہ تند بھاؤ کی لڑائی نے فتنہ پارٹی کے پانچ گروپ بنا دیئے ہیں۔

بقیہ	بقیہ جات	34

بیرسٹر سیف کا کہنا ہے کہ یہ مقدمات بانی پی ٹی آئی کی گرفتاری کے بعد درج کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی تمام جعلی مقدمات کا ڈٹ کر مقابلہ کر رہے ہیں۔ مشیر اطلاعات خیبر پختون خوا کا یہ بھی کہنا ہے کہ جیل کے اندر ہیلمٹ کر کوئی شخص کیسے جرم کر سکتا ہے؟ بانی پی ٹی آئی ن لیگ کے اعصاب پر سوار ہیں۔

بقیہ	بقیہ جات	35

مشعال ملک کا کہنا تھا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہوتے ہیں، اساتذہ کا قوم کی تعمیر وترقی میں کلیدی کردار ہوتا ہے، کشمیر سے متعلق اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پابند سلاسل کشمیری قیدیوں سے ناروا سلوک کیا جا رہا ہے، یاسین ملک کو ٹارچر سیل میں رکھا گیا ہے، کشمیر میں قابض بھارتی افواج کشمیری شہدا کے جسد خاکی کی بے حرمتی میں ملوث ہے۔ چیئرپرسن پیس اینڈ کنفلکٹ آرگنائزیشن کا کہنا تھا کہ کشمیر کی کوئی فوٹیج سامنے نہیں آ رہیں، ہمیں فلسطین کی طرح کشمیریوں کا کیس بھی عالمی عدالت میں لے کر جانا چاہیے، کشمیریوں کے خلاف نسل کشی کا ڈھانچہ وارنٹ جاری کیا گیا، کھلے عام قتل عام کا جشن بھارت میں منایا جا رہا ہے اور کشمیریوں، فلسطینیوں کا ناحق خون بہایا جا رہا ہے۔ مشعال ملک نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی بدترین خلاف ورزیوں کا سلسلہ جاری ہے، بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں ڈھونگ انتخابات کرائے ہیں۔ واضح رہے مودی سرکار نے حریت پسند کشمیری رہنما یاسین ملک کو سزائے موت دلوانے کیلئے پھر سے کوشش شروع کر دی ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	36

لاہور عاطف نذیر نے کہا کہ گریڈ 01 تا 10 کے پولیس ملازمین کے لئے بھوبتیاں فلیٹس سکیم کا آغاز 16 سال قبل 2008ء میں کیا گیا، 54 کنال ایریا پر محیط بھوبتیاں فلیٹس سکیم میں 90 فلیٹس تعمیر ہونا تھے تاہم 15 سال گزرنے کے باوجود فلیٹس کی تعمیر پایہ تکمیل کو نہ پہنچ سکی، ایس ایس پی ایڈمن لاہور عاطف نذیر نے کہا کہ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی قیادت میں 2023ء میں بھوبتیاں سکیم کا منصوبہ پایہ تکمیل کو پہنچا، مالی سال 24-2023 میں اضافی فنڈنگ سے بھوبتیاں فلیٹس کی تعمیر کا دوبارہ آغاز کر کے ریکارڈ مدت میں مکمل کیا گیا، ایس ایس پی عاطف نذیر نے کہا کہ بھوبتیاں فلیٹس سکیم آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی طرف سے لاہور پولیس کے ملازمین کے لئے بہترین تحفہ ہے، بھوبتیاں فلیٹس سکیم میں ملازمین کے لئے بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے، بھوبتیاں سکیم میں مسجد، کیفے ٹیریا، پارکس، ملازمین اور اہلخانہ کے لیے شٹل بس سروس کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں، بھوبتیاں رہائشی سکیم میں مناسب سکیورٹی اور واٹر فلٹریشن پلانٹ کی سہولت بھی یقینی بنائی گئی ہے۔ بھوبتیاں فلیٹس مین رائے ونڈ روڈ سے ہونے 02 کلومیٹر دور ہونے کے باعث اپروچ روڈ بھی تعمیر کی گئی ہے۔

بقیہ	بقیہ جات	37

استعمال کے آغاز میں مشکلات ہو سکتی ہیں، اے آئی سے کروڑوں لوگوں کو سستا اور بروقت انصاف میسر آ سکے گا، اے آئی کے استعمال سے دور افتادہ علاقوں کے مکینوں کو انصاف کے حصول میں آسانی ہوگی۔ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ آرٹیفیشل انٹیلی جنس انسانی زندگی کے لئے ضروری ہو چکی ہے، اے آئی کو لیگل سسٹم میں لانے کے لئے پہلے اس کی تربیت لازمی ہے، اے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی قیادت میں 2023ء میں بھوبتیاں سکیم کا منصوبہ پایہ تکمیل کو پہنچا، مالی سال 24-2023 میں اضافی فنڈنگ سے بھوبتیاں فلیٹس کی تعمیر کا دوبارہ آغاز کر کے ریکارڈ مدت میں مکمل کیا گیا، ایس ایس پی عاطف نذیر نے کہا کہ بھوبتیاں فلیٹس سکیم آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی طرف سے لاہور پولیس کے ملازمین کے لئے بہترین تحفہ ہے، بھوبتیاں فلیٹس سکیم میں ملازمین کے لئے بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے، بھوبتیاں سکیم میں مسجد، کیفے ٹیریا، پارکس، ملازمین اور اہلخانہ کے لیے شٹل بس سروس کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں، بھوبتیاں رہائشی سکیم میں مناسب سکیورٹی اور وا

اے آئی کے استعمال بروقت انصاف میسر آسکتا ہے، یوسف رضا گیلانی

وفاقی کابینہ نے مزید 8 آئی پی پیز کے ٹیرف ریویو کی منظوری دیدی

قوانین معاشرے میں انصاف کے حصول کے لئے اہم ہوتے ہیں، اے آئی سے کروڑوں لوگوں کو سستا اور بروقت انصاف میسر آسکے گا

آر ٹیفیشل انٹیلی جنس انسانی زندگی کے لئے ضروری ہوچکی ہے، اے آئی کو لیگل سسٹم میں لانے کے لئے پہلے اس کی تربیت لازمی ہے

ملتان (نمائندہ خصوصی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ آرٹیفیشل انٹیلی جنس عالمی سطح پر اثر انداز ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوانین معاشرے میں انصاف کے حصول کے لئے اہم ہوتے ہیں، اے آئی سے کروڑوں لوگوں کو سستا اور بروقت انصاف میسر آسکے گا۔ وہ ملتان میں منعقدہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ اس تقریب میں آنا میرے لئے باعث اعزاز ہے، آرٹیفیشل انٹیلی جنس ہر شعبے پر اثر انداز ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے استعمال سے انصاف بروقت میسر آسکتا ہے۔ سپریم کورٹ نے ای کورٹ بنا کر اس تقریب میں آنا میرے لئے آسان بنا دیا ہے۔ اے آئی انٹیلی جنس کے کردار کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ اس کے استعمال سے انصاف کی فراہمی میں بہتری ہوگی۔ اے آئی کے استعمال سے انصاف کی فراہمی میں تیزی آئے گی۔ اے آئی کے استعمال سے انصاف کی فراہمی میں تیزی آئے گی۔ اے آئی کے استعمال سے انصاف کی فراہمی میں تیزی آئے گی۔



ملک بھر میں ٹھنڈی ہواؤں کا راج، سردی کی شدت میں اضافہ

لاہور، اسلام آباد (این این آئی) لاہور سمیت ملک بھر میں ٹھنڈی ہواؤں کے باعث سردی کی شدت میں اضافہ ہو گیا۔ محکمہ موسمیات نے ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم سرد اور خشک رہنے کی پیشگوئی کی ہے جبکہ پہاڑی علاقوں میں موسم انتہائی سرد رہنے کا امکان ہے۔ موسم کا احوال بتانے والوں کے مطابق اسلام آباد، تیز ترگتھوا، بالائی پنجاب کے میدانی علاقوں میں کہر پڑنے کی توقع ہے جبکہ جنوبی پنجاب اور بالائی سندھ میں بعض مقامات پر گہری دھند چھائے رہنے کا امکان ہے۔ موسمیاتی ماہرین کا کہنا ہے کہ درجہ حرارت 7 ڈگری سینٹی گریڈ (صفحہ 5 بقیہ 39)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج: انڈیکس تاریخ کی نئی بلند ترین سطح 1 لاکھ 11 ہزار عبور

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں تیار بیکارڈ قائم ہو گیا اور انڈیکس تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج 100 انڈیکس 1 لاکھ 11 ہزار 14 پوائنٹس پر پہنچ گیا۔ 100 انڈیکس 916 پوائنٹس اضافے سے 1 لاکھ 9 ہزار 970 پر بند ہوا تھا۔ کاروبار کے دوران 100 انڈیکس 2732 پوائنٹس کے بعد 1 لاکھ 11 ہزار 14 پوائنٹس کی بلند ترین (صفحہ 5 بقیہ 42)

روں موسم سرما میں معمول سے کم بارشیں ہونے کی پیش گوئی

دسمبر کے دوران بارش کا امکان نہیں ہے، جنوری میں معمول سے کم بارشیں ہوں گی، چیف میٹرولوجسٹ سردار سرفراز

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے روان موسم سرما میں معمول سے کم بارشیں ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ بلوچستان میں ماہ دسمبر کے دوران بارش کا امکان نہیں ہے، جنوری میں معمول سے کم بارشیں ہوں گی۔ چیف میٹرولوجسٹ سردار سرفراز خان نے فی بی وی کو بتایا کہ ملک میں روان موسم سرما کے دوران گھمبی طور پر معمول سے کم بارشیں ہونے کی پیش گوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بلوچستان میں ماہ دسمبر کے دوران خشک سردی رہے گی روواں ماہ بارش کا (صفحہ 5 بقیہ 43)

عمران خان کو مائنس کرنے کیلئے جبر، ظلم کا ہر ہتھکنڈا آزمایا جا چکا، مسرت چیمہ

طاقت کے نشے میں چُور حکمران جتنے مرضی گھوڑے چھکے مار لیں عوام جلد ان کا تراحساب کریں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ حکمران معیشت کی بہتری کے فرضی دعوے اور فریبی پروگرام چلا رہے ہیں جبکہ حقیقت اس کے برعکس ہے، عمران خان اور پی ٹی آئی سیاسی حقیقت ہیں اور دونوں کو ہٹانے کی ہر کوشش ناکام ہوئی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عوام سے پوچھیں وہ کن حالات میں زندگی گزار رہے ہیں، بلیکی اخراجات پورے نہ ہونے کی وجہ سے کروڑوں (صفحہ 5 بقیہ 44)



لاہور: ڈرائیور کی غفلت کے باعث رکشے کے پیچھے لٹکے کھڑا لڑکا گرفتار کے بعد سڑک پر بے ہوش پڑا ہے۔

سرکاری سکولوں کو 4 ارب 51 کروڑ 71 لاکھ کا بجٹ جاری

فنڈز تنخواہوں کے علاوہ سکولوں کے ترقیاتی کاموں پر خرچ ہوسکیں گے

لاہور (این این آئی) سرکاری سکولوں کو 4 ارب 51 کروڑ 71 لاکھ کا بجٹ جاری، ڈگروہ، ڈنڈ خان سکلری بھکر کی مد میں جاری کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق لاہور کے سکولوں کے لئے 14 کروڑ 53 لاکھ روپے، فیصل آباد کے سکولوں کے لئے 24 کروڑ روپے سے زائد کی رقم، ڈی جی خان کے سکولوں کے لئے 11 کروڑ 94 لاکھ روپے جاری کئے گئے۔ علاوہ ازیں قصور کے سکولوں کے لئے 13 کروڑ 29 لاکھ روپے، ملتان کے سکولوں کے لئے 6 کروڑ 83 (صفحہ 5 بقیہ 41)

رمیش سنگھ اروڑہ کی بیلاروس کے سفیر اینڈری میٹلیڈیا سے ملاقات

پراپیگنڈا کا جب مکمل طور پر خاتمہ ہوگا، اقلیتی برادریوں کو ان کے حقوق کی فراہمی کو یقینی بنائے گا

شناختی کارڈ کے اجراء کا مقصد اقلیتی کمیونٹی کے تحفظات تک رسائی فراہم کرنا ہے

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے اسلام آباد میں پاکستان میں بیلاروس کے سفیر اینڈری میٹلیڈیا سے ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان باہمی دلچسپی اور تعاون کے مختلف پہلوؤں پر بات چیت کی گئی۔ یہ ملاقات بیلاروس کے سفارت خانے میں ہوئی، جس میں دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید مستحکم کرنے (صفحہ 5 بقیہ 45)

شام، کشیدہ صورتحال کے باوجود سرکاری دفاتر کھولنے کا حکم

دمشق (این این آئی) شام میں صدر بشار الاسد کے اقتدار کے خاتمے کے بعد صورتحال معمول کی جانب گامزن ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق شامی حکومت نے سرکاری دفاتر اور بینک کھولنے کا حکم جاری کر دیا ہے۔ شامی وزارت تیل نے بھی تمام ملازمین کو سے ملازمتوں پر آنے کا حکم دیا ہے۔



لاہور: صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ ویلاروس کے سفیر سے ملاقات کر رہے ہیں۔

لیسکو ملازمین کی تنخواہوں میں فراڈ، تحقیقات کیلئے اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل

ابتدائی طور پر 30 کروڑ روپے کے فسادات کی نشاندہی کی گئی

تحقیقاتی کمیٹی نے افسران و ملازمین کے بیانات قلمبند کرنا شروع کر دیئے

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) میں افسران و ملازمین کی تنخواہوں کی مد میں کروڑوں روپے کے مالی فراڈ سامنے آیا ہے جس کے بعد کروڑوں روپے کے مالی فراڈ ہونے کا انکشاف ہوا ہے، کمپنی نے اعلیٰ سطح کمیٹی تشکیل دیکر (صفحہ 5 بقیہ 46)

لاہور ہائیکورٹ نے سزائے موت کے ملزم کو بری کر دیا

ملزم کو ٹوبہ ٹیک سنگھ عدالت نے 2021ء میں سزائے موت کا حکم سنایا تھا

ملزم کے خلاف ٹوبہ ٹیک سنگھ پولیس نے 2018ء میں مقدمہ درج کیا تھا

ملزم عدیل کی اپیل پر سماعت کی۔ اس دوران ملزم کی جانب سے مقدمہ میں کئی سقم نشاندہی کئے گئے، وکیل نے کہا کہ گواہوں کی موجودگی موقع پر ثابت نہیں ہوئی۔ بعدازاں عدالت (صفحہ 5 بقیہ 46)

بزنس کمیونٹی پیسہ کمائے گی تو حکومت کو بھی ریونیو آئے گا، مراد علی شاہ

وزیراعلیٰ سندھ کی چیئرمین بزنس کونسل کراچی عبدالصمد راشد محمود اور دیگر سے ملاقات

اگر صنعتکاروں کو سفت زمین دی جائے تو صنعتکاری میں اضافہ ہوگا، وزیر اعلیٰ سندھ

ملاقات کے موقع پر کہا کہ انڈسٹری کو فروغ دینا ہمارا مقصد ہوتا ہے، بزنس کمیونٹی پیسہ کمائے گی تو حکومت کو بھی ریونیو آئے گا۔ اگر صنعتکاروں کو سفت زمین دی جائے تو صنعتکاری میں اضافہ ہوگا۔ سندھ بزنس کمیونٹی کی (صفحہ 5 بقیہ 53)



لاہور: ڈپٹی کمشنر لاہور کامران لاشاری کی زیر صدارت اجلاس میں ڈی جی ایل ڈی اے سمیت دیگر افسران شریک ہیں۔

بنگلہ دیش وشام میں مغاصب فلسطینیوں کی مکمل آزادی کیساتھ واپسی کا مطالبہ

اختتام پذیر ہوکر غروب ہو چکا یا اپنا مقصد پورا کر چکا، بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی، سیکرٹری جنرل فلی یکجتی کونسل لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش وشام میں مغاصب فلسطین کی مکمل آزادی کا سورج جلد ہی طلوع ہوگا، تاریخ نے ثابت کر دیا کہ ہر ظلم غروب ہو کر رہتا ہے، تاریخ نے ثابت کر دیا کہ عوام کے حقوق پر ڈاکہ زنی (صفحہ 5 بقیہ 54)

ناہل حکمرانوں کو عوام مزید برداشت کرنے کو تیار نہیں، محمد حسین

ناہل اقتدار پر مسلط کرپٹ ٹولے نے قوم کا جینا محال کر رکھا، غریب عوام کا کوئی پرسان حال نہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما حسین نے کہا ہے کہ نااہل حکمرانوں کو عوام مزید برداشت کرنے کو تیار نہیں، نااہل اقتدار پر مسلط کرپٹ ٹولے نے قوم کا جینا محال کر رکھا، غریب عوام کا کوئی پرسان حال نہیں، حکومت وزیر وزرا عوام کیلئے مزید مشکلات پیدا کر رہی ہے، موجودہ حکومت کا انجام نوشتہ دیوار ہے، اپنے جاری بیان میں انہوں (صفحہ 5 بقیہ 66)

پاکستان کو قرضوں کی معیاد میں توسیع کرانا ہوگی، ٹیکس ایڈوائزرز

ڈیولپمنٹ سے پیچھے کیلئے قرضوں کی معیاد میں توسیع کی پالیسی صرف تین دہائیوں تک محدود ہے

لاہور (این این آئی) ٹیکس ایڈوائزر ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ پاکستان کو آئندہ سال جون تک دوست ممالک سے لئے گئے قرضوں کی معیاد میں توسیع کرانا ہوگی، آئندہ چھ ماہ میں پاکستان نے (صفحہ 5 بقیہ 65)

انسانی حقوق کے تحفظ کا روڈ میپ وضع کر دیا، صوبائی وزیر اقلیتی امور

صوبائی حکومت عملدرآمد کرے انسانی حقوق کے تحفظ میں درپیش تمام چیلنجز کو حل کرے گی، رمیش سنگھ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا ہے کہ پنجاب میں انسانی حقوق کے تحفظ کا ایک باقاعدہ روڈ میپ وضع کیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر اقلیتی امور پنجاب کے مختلف شہروں کے دورے کر رہے ہیں اور وہاں انسانی حقوق کے حوالے سے مقامی نمائندوں سے ملاقاتیں کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں انہوں نے لاہور، فیصل آباد، ننکانہ صاحب، شیخوپورہ، قصور، ساہیوال، اوکاڑا، پاکپتن، ملتان، وہاڑی، لودھراں، بہاولپور، رحیم یار خان، راجن پور، ڈیرہ غازی خان، مظفر گڑھ، لیہ، بھکر، میانوالی، خانیوال، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ، سرگودھا، خوشاب